الصلوۃ الآیہ یعنی باز رکہو اون دو نو کو بعد از نماز عصر کی اسواسطی کہ حجاز مین اہل اسکی رسم
تہی بعد از نماز عصر کی واسطی مجتمع ہوتی جماعت کثیر کی بعد از الفراغ نماز عصر کی یہہ معنی مروی
ہین حضرت ابی جعفر صلوات اللہ علیہ سی اور اسی معنی کی قتادہ اور سعید بن جبیر وغیرہ
قائل ہوئی ہین اور بعضون نی کہا ہی کہ نماز ظہر اور نماز عصر مراد ہی یہہ معنی حسن سے
منقول ہی اور بعضون نی کہا ہی کہ مراد اس سی اہل ذمہ ہین یہہ معنی ابن عباس
اور سدی سی منقول ہین اور یہہ باز رکہنا اونکا واسطی قسم کی اوسوقت ہی کہ کسی کو ...

سی شک واقع ہو کہ یہہ شاہد ہیں جھوٹ نہ بولتی ہوں لہذا اونسی قسم لیجاویگی کہ ہم بدل انہیں قریبی
ہین اس قسم کو مال دنیا سی فَاٰخَرَانِ يَقُومَانِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِينَ
شخص دیگر قائم ہونگی مقام اون دو خائن کی اون لوگوں کہ لائق ہے
کرنا اقربا ہی میت سی کہا سی زجاج نی کہ یہہ آیہ صعب ترین آیات قرآن ہے روی
اعراب کی اور معنی کی اگر بصریین کی اولیان محل رفع میں ہی بنا بر بدل ہونی کی ضمیر یقومان سی
پس معنی اوسکی اس تقدیر پر یہہ ہون کی چاہیی کہ قائم ہوویں اولیان میت مقام اون دو
خائن کی اور بعضون نی کہا ہی کہ رفع اسکا بنا بر فاعل ہونی استحق کی ہی پس معنی اوسکی
پر یہہ ہونگی کہ مستحق ہووے اولیان میت ساتھ قسم کہانی کی

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُولُ مَاذَا أُجِبْتُمْ قَالُوا لَا عِلْمَ لَنَا إِنَّكَ أَنْتَ
جس دن جمع کریگا خدا رسولوں کو پس کہیگا کہ کس چیز سی اجابت کی گئی تم کہا انہوں نی کہ نہیں کچھ علم ہمکو بیشک تو
عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝ إِذْ قَالَ اللّٰهُ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِي عَلَيْكَ
دانندہ چیزہای غائب ہی جس وقت کہ کہا خدا نی اے عیسی بیٹے مریم کی یاد کر تو نعمت میری کو اوپر اپنے
وَعَلَىٰ وَالِدَتِكَ إِذْ أَيَّدْتُكَ بِرُوحِ الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ
اور اوپر ماں اپنی کی جس وقت قوت دی میں نی تجہکو ساتھ روح پاک کی کلام کرتا تہا تو لوگوں سی بیچ گہوارے کی
وَكَهْلًا وَإِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيلَ وَإِذْ
اور بڑی عمر میں اور جس وقت کہ تعلیم کی میں نی تجہکو کتاب اور حکمت کو اور توریت کو اور انجیل کو اور جس وقت کہ
تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي فَتَنْفُخُ فِيهَا فَتَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِي
پیدا کیا تو نی مٹی سی مانند شکل مرغ کی ساتھ اذن میری کی پس پہونکتا تہا تو بیچ اوسکی پس ہو جاتا مرغ ساتھ اذن میری کی

وقف لازم

بِإِذْنِي وَتُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ بِإِذْنِي وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِي
ساتھ اذن میری کی اور چنگا کرتا تہا تو کوڑھی مادرزاد کو اور ابرص کو ساتھ اذن میری کی اور جس وقت کہ نکالتا تہا تو مردوں کو ساتھ اذن میری کے
وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَنْكَ إِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالَ
اور جس وقت کہ باز رکھا میں نی بنی اسرائیل کو تجہسی جس وقت کہ لایا تو اونکی پاس معجزات پس کہا
الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ ۝ وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى
اون لوگوں نی کہ کافر ہوئی اونمیں سی نہیں یہہ مگر جادو روشن اور جس وقت کہ وحی کی میں نی طرف
الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُوا بِي وَبِرَسُولِي قَالُوا آمَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ
حواریوں کی یہہ کہ ایمان لاؤ مجہ پر اور رسول میرے پر کہا انہوں نی ایمان لائی ہم اور گواہ رہ تو ساتھ اسکی کہ ہم مسلمان ہیں
إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَنْ
جس وقت کہ کہا حواریوں نی اے عیسی بیٹی مریم کی آیا قدرت رکہتا ہی رب تیرا یہہ کہ
يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِنَ السَّمَاءِ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ
نازل کری اوپر ہمارے ایک خوان آسمان سی کہا عیسی نی کہ ڈرو تم خدا سی اگر ہو تم ایمان لانی والے
قَالُوا نُرِيدُ أَنْ نَأْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوبُنَا وَنَعْلَمَ أَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا
کہا انہوں نی کہ چاہتی ہیں ہم یہہ کہ کہاویں ہم اوس سی اور مطمئن ہوں دل ہمارے اور جانیں ہم یہہ کہ تحقیق سچ کہا تو نی ہمسی
وَنَكُونَ عَلَيْهَا مِنَ الشَّاهِدِينَ ۝ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا
اور ہوویں ہم اوپر اوسکی گواہوں سی کہا عیسی بیٹے مریم نی اے اللہ اے پروردگار ہمارے
أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً
نازل کر اوپر ہمارے ایک خوان آسمان سی کہ ہووے دن وصول اوسکا ہمارے عید واسطے اول ہمارے اور آخر ہمارے کے

مِنْكَ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ۝ قَالَ اللّٰهُ إِنِّي مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ

تجھسی اور روزی دی ہمکو اور تو بہتر روزی دینی والا ہی کہا خدا نی تحقیق میں اتارنی والا ہوں اوسکو اوپر تمہاری

فَمَنْ يَكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَإِنِّي أُعَذِّبُهُ عَذَابًا لَا أُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِينَ

پس جو شخص کہ کافر ہوا بعد اسکی تم میں سی پس تحقیق میں عذاب کرونگا اوسکو ایک عذاب کہ نہ عذاب کرونگا ویسا کسیکو عالموں میں سی

وَإِذْ قَالَ اللّٰهُ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ أَأَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي

اور وقتی کہ کہا خدا نی ای عیسی بیٹی مریم کی آیا تو نی کہا ہی واسطی لوگوں کی کہ لو تم مجھکو

وَأُمِّيَ إِلٰهَيْنِ مِنْ دُونِ اللّٰهِ قَالَ سُبْحَانَكَ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أَقُولَ

اور ماں میری کو دو خدا سوائی خدا کی کہا عیسی نی پاکی ہی تجھکو نہیں لائق ہی مجھکو یہہ کہ کہوں

مَا لَيْسَ لِي بِحَقٍّ إِنْ كُنْتُ قُلْتُهُ فَقَدْ عَلِمْتَهُ تَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَلَا

اوس چیز کو کہ نہیں ہی واسطی میری حق اگر تھا میں کہتا اوسکو پس تحقیق جانا ہی تو نی اوسکو جانتا ہی جو کچھ بیچ جی میری کی ہی اور نہیں

أَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِكَ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝ مَا قُلْتُ لَهُمْ إِلَّا

جانتا ہوں میں اوس چیز کو کہ بیچ ذات تیری کی ہی تحقیق تو ہی جاننی والا چھپی باتوں کا نہیں کہا میں نی واسطی اونکی مگر

مَا أَمَرْتَنِي بِهِ أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ

وہ جو حکم کیا تھا تو نی ساتھ اوسکی یہہ کہ عبادت کرو تم خدا کی کہ رب میرا ہی اور رب تمہارا ہی اور تھا میں اوپر اونکی

شَهِيدًا مَا دُمْتُ فِيهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ

گواہ جب تک کہ تھا میں بیچ اونکی پس ہر گاہ کہ وفات دی تو نی مجھکو تھا تو نگہبان اوپر اونکی

وَأَنْتَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝ إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَ

اور تو اوپر ہر چیز کی گواہ ہے اگر عذاب کری تو اونکو پس تحقیق وہ بندی تیری ہیں اور اگر

وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ

بخشی تو اونکو پس تحقیق تو غالب ہی حکمت والا ہے کہا خدا نی کہ یہہ دن ہی کہ

يَنْفَعُ الصَّادِقِينَ صِدْقُهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

کریگا نفع سچوں کو سچ اونکا واسطی اونکی بہشتیں ہیں کہ چلتی ہیں نیچی اونکی نہریں

خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ذٰلِكَ الْفَوْزُ

درحالیکہ رہنی والی ہیں بیچ اونکی ہمیشہ راضی ہوا خدا اونسی اور خوشنود ہوئی وہ اوس سی یہہ رستگاری ہے

الْعَظِيمُ ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا فِيهِنَّ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

بزرگ کہ ہی واسطی خدا کی ہی بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی اور اوس چیز کی کہ بیچ اونکی ہی اور وہ اوپر تمام چیزوں کی قادر ہی

قولہ علام الغیوب یعنی تو جاننی والا غائب چیزوں کا ہی پس تو جانتا تھا کہ اون لوگوں نی زبان سے اجابت کی اور پوشیدہ دل اونکی کا اور تھا منقول ہی کہ عیسی باوجود اس مرتبہ عظمی کی جامہ پشمین پہنتی تھی اور گیاہ زمین نوش کرتی تھی اور کبھی کوئی چیز ذخیرہ نکرتی تھی اور گھر نرکھتی تھی کہ ویران ہونی اوسکی کا خوف آوی اور نہ زن اور نہ فرزند رکھتی تھی کہ خاطر اونسی متعلق ہو اور جس جگہہ پر شب ہوتی تھی وہاں سو رہتی تھی قولہ یستطیع بس من جملہ اقوال میں اول یہہ ہی کہ آیا رب تیرا اگر کیا استطاعت رکھتا ہی وقتی کہ تو سوال کری یعنی تاکہ یہہ باعث زیادتی علم ہمارا کا ہو اور صدق تیری کی سو حیلی کہ وہ عارف تھی اور مومن تھی پس شک کرنا اونکو منظور نہ تھا دوم یہہ ہی کہ اونھوں نی قبل استحکام معرفت کی کہا ہو سوم یہہ ہی آیا اجابت کریگا رب تیرا اس امر کو پس اس صورت میں معنی یستطیع کی یطیع کی ہیں یعنی تیری اجابت کریگا لہذا حضرت عیسی نی کہا کہ خوف کرو تم ایسی سوال کرنی سی قولہ وتطمئن قلوبنا الخ

اور یہہ کہنا اونکا کہ مطمئن ہوں قلوب ہمارے قرینہ اسکا ہے کہ معنی اول ہی مراد ہوں جنانچہ
حاصل ہو پوشیدہ نہیں ہے قولہ **قَالَ عِیسَی ابنُ مَریَمَ** الآیہ مروی ہی کہ جب کہ حواریون نی
طلب مائدہ کیا عیسی نی کہا کہ تمین روزہ رکھو اور بعد اسکی جس چیز کی خواہش کرتی ہو
طلب کرو حواریون نی بموجب ارشاد اونکی کی تیس روزہ رکھے بعد اسکی عیسی نی جامہ پشمین
جانب قبلہ متوجہ ہوکر دعا کی جسطرح سی کہ حق تعالی خبر دیتا ہی کہ کہا عیسی بیٹے مریم نی ای
بار خدایا ای پروردگار ہمارے بہیج اوپر ہمارے ایک خوان آسمان سی کہ ہووے وہ دن
ہمارے واسطے عید کا کہ ہرسال اوس روز کو ہم عید کیا کرین اور اسی واسطے وہ لوگ
اوس روز میں زندانیونکو بند سی آزاد کرتی تہی اور اطفال کو مکتب سی خلاص کرتی تہی
اور اہل صنائع دست اپنی کام سی باز رکہتی تہی اور نضر بن شمیل نی نقل کی کہ جو شخص اللّٰہم
کہی خدا کو ساتھہ جمیع نامہائی اوسکی کی یاد کیا ہی اور اسی واسطے عیسی نی وقت طلب مائدہ حق
تعالی کو اس کلمہ سی یاد کیا اور اصل اللّٰہم کی یا اللّٰہ تہی یا کو حذف کیا اور آخر میں میم لائی
عوض اوسکی میں گویا کہ حرف ندا کا یہہ ہی اور بعضوں نی کہا ہی کہ اصل اسکی اللّٰہ أُمَّهُم بالخیر
یعنی قصد کرو اونکو ساتھہ خیر کی پس صورت میں میم اختصار ابہم کا ہی قولہ **مَائِدَةً مِنَ السَّمَاءِ** الآ
حضرت ابی جعفر علیہ السلام سی مروی ہی کہ وہ خوان کہ جو نازل ہوا تہا سات روٹیان
تہین کہ سب لوگون نی اول سی آخر تک کہایا اور سیر ہوئی اور وہ باقی رہین سلمان فارسی
سی مروی ہی کہ حق تعالی نی دو ابر بہیجی کہ دستر خوان سرخ اوس میں تہا اور قریب حواریون
کی آیا اور [illegible] زمین پر پہنچا حضرت عیسی گریہ وزاری کرنی لگی اور عرض کی کہ بار خدایا
اس خوان کو خوان رحمت گردان اور عقوبت نکر بعد اسکی وضو کیا اور نماز ادا کی اور کہا

[illegible] بعد خیر الرازقین اور خوان پوشش خوان پر سی اوٹہایا ایک خوان ظاہر ہوا کہ اوسمین ما
بریان [illegible] روغن اوس سی ٹپکتا تہا اور نزدیک سر اوسکی کی نمک تہا اور نزدیک دم
اوسکی کی سرکہ اور اطراف اوسکی میں تمام ترکاریان تہی سوائی گندنی کی اور پانچ گرد
نان اوپر ہر ایک پر زیتون تہا اور دوسری پر شہد اور تیسری پر گہی اور چوتھی پر پنیر اور
پانچوین پر گوشت نمک سود و خشک شمعون کہ خلیفہ عیسی کی تہی اوٹہی اور کہا کہ یا روح اللّٰہ
یہہ طعام دنیا سی ہی یا طعام آخرت سی ہی عیسی نی فرمایا کہ یہہ کسی سی نہیں ہی بلکہ یہہ طعام
کہ حق تعالی نی بقدرت خود بہیجا دیا ہی پس کہا کہ کہاؤ جس چیز کو کہ طلب کیا تہا تمنی اور اوسکا
شکر کرو تا نعمت زیادہ ہو ایکہزار و نیس آدمی نی اوسکو کہایا اور ہرگز مطلق کم نہوا
اور کسی فقیر نی اوس طعام سی تناول نکیا مگر یہہ کہ وہ تونگر ہوا اور جس بیمار نی کہ اوس سی
کہایا شفا پائی یہانتک کہ اندہی اور کونگی تندرست ہوئی بعد اوسکی وہ مائدہ آسمان پر گیا
اور روز دیگر وقت چاشت پہر نازل ہوا اغنیا اور فقرا نی اوس سی تناول کیا اسیطرح سی
چالیس دن تک ایک روز درمیان آتا تہا شکل ناقہ صالح کی کہ ایک روز درمیان میں شیر
دیتی تہی پس وحی نازل ہوئی کہ ای عیسی مائدہ میرا فقیرون کو دی نہ اغنیا کو تونگر
اس حکم سی مضطرب ہوئی اور مائدہ کو جادو پر حمل کیا اور سینتیس شخص اونمین سی
ہوئی اور بعد تین دن کی ہلاک ہوئی قولہ **اَلْحَدِیْثَ** منقول ہی کہ بعد از نزول مائدہ
ہر گاہ اونہون نی انکار کیا ساتھ شب سوتی رہی اور صبح کو خوک کی مسخ ہوئی اور کوچون میں راہ لی اسطرح خدا نی اونکو ہلاک کیا

آیاتہا ۱۶۵ کلماتہا ۳۰۵۲ سورۃ الانعام مکیۃ حروفہا ۱۲۴۲۲ رکوعہا ۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں ساتھ نام خدا کی کہ رحمن اور رحیم ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ

تمام تعریفیں مخصوص ہیں خدا کی جو ایسا وہ خدا کہ پیدا کیا جس نے آسمانوں اور زمین کو اور پیدا کیا تاریکیوں کو اور

وَالنُّوْرَ ۝ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ

روشنی کو بعد اسکی وہ لوگ کہ کافر ہوتی ساتھ پروردگار اپنی کی برابر کرتے ہیں غیر کو وہ ایسا خدا ہی کہ پیدا کیا تمکو

مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ۭ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ

مٹی سی بعد اسکی حکم کیا ایک مدت کو اور مدت معین نام کی گئی نزدیک اوسکی ہی بعد اسکی تم شک کرتی ہو

وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ۭ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ

اور وہ معبود بحق ہی بیچ آسمانوں اور بیچ زمین کی جانتا ہی پنہان تمہاری کو اور آشکارا تمہاری کو اور جانتا ہی

مَا تَكْسِبُوْنَ ۝ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا

اوس چیز کو کہ کرتی ہو تم اور نہیں آتی ہی ان کافروں کو کوئی دلیل دلائل پروردگار کی مگر تھی وہ

عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۭ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ

اوس دلیل سی منہ پھیرنی والی پس تحقیق تکذیب کی انہوں نی حق کی جب کہ آیا انکو قرآن پس شتاب آوینگی انکو

اَنْۢبٰۗـؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ

خبریں اوس چیز کی کہ تھی ساتھ اسکی استہزا کرتی تھی کیا نہیں دیکھا انہوں نی کس قدر ہلاک کیں ہم نی آگی ان سی

مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَاۗءَ

گروہ گذری ہوئی ایسی وہ کہ قدرت دی تھی ہم نی انکو بیچ زمین کی جو تمکو نہیں دی اور بھیجا ہم نی آسمان کو

عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۠ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ

اوپر اونکی برسنی والا اور پیدا کیں ہم نی نہریں کہ جاری ہیں نیچی اونکی پس ہلاک کیا ہم نی انکو

بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ

ساتھ گناہوں انکی کی اور پیدا کیا ہم نی بعد انکی گروہ اور اور اگر نازل کریں ہم اوپر تیری

كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ

ایک نوشتہ بیچ کاغذ کی پس لیوین اسکو ساتھ ہاتھوں اپنی کی البتہ کہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئی نہیں ہی یہ

اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۭ وَلَوْ اَنْزَلْنَا

مگر جادو روشن اور کہا انہوں نی کیوں نہ نازل کیا گیا اوپر اوسکی فرشتہ اور اگر نازل کرتی ہم

مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا

فرشتی کو البتہ حکم کیا جاتا امر ہلاکت انکی پھر مہلت نہ دی جاتی اور اگر گردانتی ہم اوس رسول کو فرشتہ

لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ

البتہ گردانتی ہم اوسکو بصورت مرد اور البتہ چھپاتی ہم اوپر انکی جو چھپاتی ہیں اور تحقیق استہزا کیا گیا

ع

بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ

ساتھ پیغمبران آگی تجھ سی پس احاطہ کیا ساتھ ان لوگوں کی کہ مسخرہ کیا انہوں نی رسولوں سی جو تھی ساتھ اوسکی استہزا کرتی

ابن ابی کعب سی مروی ہی کہ یہہ سورہ انعام مکہ میں دفعۃً شب کو نازل ہوا اور ستر ہزار فرشتی حامل اس سورہ کی تھی اور ساتھ آواز عظیم کی تسبیح اور تحمید کرتی تھی بارگاہ جناب رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ نی آواز اونکی سنی فرمایا کہ سبحان اللہ العظیم اور سجدہ میں گئی اور بعد اسکی کاتبوں کو بلایا اور فرمایا کہ اسکو لکھو اور فرمایا کہ جو شخص اسکو قرأت کری بعوض ہر آیۃ کی ستر ہزار

فرشتی اوسپر درود بہیجتی ہین وزرات مین اور جابر بن عبداللہ انصاری سی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ سی روایت کی جو شخص کہ تین آیتین سورۂ انعام سی پڑہی تا ویعلم ما تکسبون
حق تعالی چالیس ہزار فرشتی معین کرتاہی کہ مثل عبادت اپنی کی اوسکی واسطی لکہا کرین
اور ایک فرشتہ ساتوان آسمان سی نازل ہوتاہی اور ایک گرز آہنین ہمراہ اوسکی ہوتاہی کہ
ہرگاہ شیطان چاہتاہی کہ وسوسہ اوسی ڈالی یہہ فرشتہ اوسپر گرز مارتاہی اور
اوسکو دور کرتاہی تا اینکہ حجاب درمیان اوسکی ہوجاتی ہین اور عیاشی نی بسند
خود ابوبصیر سی نقل کی ہی کہ ابو عبداللہ علیہ السلام نی فرمایا ہی کہ سورۂ انعام دفعتہ نازل
ہوا اور ستر ہزار فرشتی ہمراہ اوسکی تہی اور تعظیم اور اجلال اوسکی کرتی تہی اسواسطی کہ
موضع مین اس سورہ کی اسم خدا مندرج ہی اگر لوگ فضیلت قرائت اس سورہ کی جانتی ہرگز
ترک اوسکو نکرتی اور حضرت علی بن موسی الرضا سی مروی ہی کہ جو شخص کہ اس سورہ کو
قرائت کری ستر ہزار فرشتی حاملین اس سورہ کی واسطی اوسکی تسبیح کہتی ہین قیامت تک
اور بہی کعب الاحبار سی مروی ہی کہ حق تعالی روز قیامت مین قاری اس سورہ کو خطاب
کریگا کہ ای بندی میری بیچ سایہ میری کی آ اور فواکہ بہشت سی کہا کر مند ہوا اور آب کوثر سی
سیراب ہوا ور آب چشمہ سلسبیل مین غسل کر کہ تو بندہ میرا ہی اور مین خدا تیرا ہون اور آپی
ابی عبداللہ علیہ السلام سی مروی ہی کہ جس شخص کو حاجت ہو طرف خدا کی اور چاہی برآنی
کو پس چاہی کہ چار رکعت نماز پڑہی ساتہہ سورۂ فاتحہ کی اور سورۂ انعام کی اور بعد
از قرائت کی پڑہی اس دعا کو یا کریم یا کریم یا کریم یا عظیم یا عظیم یا عظیم
یا اعظم یا اعظم من کل عظیم یا سمیع الدعاء یا من لا یغیرہ اللیالی صل علی محمد

محمد وآلہ وارحم ضعفی وفقری وفاقتی ومسکنتی یا من رحم الشیخ یعقوب حین ردّ
علیہ یوسف قرۃ عینیہ یا من رحم ایوب بعد طول بلائہ یا من رحم محمداً ومن الیتیم آواہ و
نصرہ علی جبابرۃ قریش وطواغیتہا وامکنہ یا مغیث یا مغیث یا مغیث
کہی کئی مرتبہ پس قسم ہی اوس شخص کی کہ نفس میرا دست اوسکی مین ہی اگر کوئی دعا کری ساتہہ
اسکی اور بعد اوسکی سوال کری حق تعالی سی تمام حاجتون اپنی کو پس عطا کرتاہی حق تعالی اور
قولہ یعدلون یعنی عدول کرتی ہین عبادت اوسکی سی طرف عبادت اصنام کی اور برابر
کرتی ہین ساتہہ پروردگار اپنی کی بتونکو حاصل کلام یہہ ہی کہ حق تعالی نی اون چیزونکو
کہ سبب معیشت لوگونکا ہی پیدا کیا پس سزاوار یہہ ہی کہ تم اوسپر حمد کرو اور کفران نعمت نکرو
بخلاف کفارونکی کہ وہ برابر دیتی ہین بتونکو ساتہہ پروردگار کی کہ اونکو اپنی ہاتہون سی بنائے
ہین اور مطلقاً قادر نہین پیدا کرنی کسی چیز پر قولہ واجل مسمّی اسمین چند اقوال ہین
ایک یہہ ہی کہ مراد ان دونو اجل سی اجل حیات ہی موت تک اور اجل موت ہی قیامت
تک یہہ قول حسن اور سعید اور ضحاک اور زجاج وغیرہ سی منقول ہی اور عطائی نی بہی ابن
عباس سی روایت کی ہی کہ ابن عباس نی کہ مراد قضی اجلا سی اجل ولادت سی ہی موت تک
اور اجل مسمی سی اجل ممات سی قیامت تک کہ نہین جانتا کوئی وقت اوسکا سوای حق تعالی
کی اس وقت کہ انسان صالح ہو زیادہ کرتاہی حق تعالی واسطی اوسکی بیچ اجل حیات کی اجل موت
قیامت تک یعنی کم زمانہ مابین موت اور قیامت سی لیکر زمانہ حیات کو زیادہ کرتاہی اور اگر وہ شخص
غیر صالح ہو کم کرتاہی اجل حیات سی اور بڑہا دیتاہی اجل معیشت کو اور کہا ابن عباس کہ یہہ
معنی ہین قول باری کی وما یعمر من معمر ولا ینقص من عمرہ الا فی کتاب اور دو

قول یہ ہی کہ ایک اجل وہ ہی کہ جسمین اہل دنیا زندہ رکہی جاتی ہین تا اینکہ مر جائین اور اجل
مسمی سی مراد اجل آخرت ہی اسواسطی کہ وہ اجل ہمیشہ ہی اور نہین آتی ہی وہ اجل اسکی اور
مراد مسمی عندہ سی یہہ ہی کہ وہ لکہی ہوئی ہی لوح محفوظ مین یہہ قول جبائی سی اور سعید بن
جبیر اور مجاہد سی ہی اور تیسرا قول یہہ ہی کہ مراد قضی اجلا سی اجل مخلوقات گذشتہ کی اور اجل
مسمی سی اجل باقیماندہ کان کی ہی یہہ قول ابی مسلم سی منقول ہی اور چوتہا یہہ ہی کہ قضی اجلا
سی مراد اجل خواب ہی کہ جسمین روح مقبوض ہوتی ہی اور بعد اسکی وہ وقت جاگنی کی
پہیر جاتی ہی اور اجل مسمی سی مراد اجل موت انسان ہی یہہ قول مروی ابن عباس سی ہی اور
تائید کرتا ہی اسکو قول حق تعالی کا ویرسل الاخری الی اجل مسمی اور اصل معنی اجل
وقت کی ہین پس اجل حیات وہ وقت ہی کہ جسمین حیات ہو اور اجل موت یا قتل وہ وقت ہی
کہ جسمین موت یا قتل حادث ہو تکملہ جناب والد مغفران مآب نی کتاب مواعظ حسینیہ مین
لکہا ہی کہ اکثر احادیث اور اقوال اصحاب سی ظاہر ہوتا ہی کہ اجل دو قسم ہی ایک اجل مسمی
ہی کہ جسمین تقدیم اور تاخیر جائز نہین ہی اور دوسری وہ قسم کہ جسمین تقدیم و تاخیر ممکن ہی
تفسیر عیاشی مین منقول ہی کہ حمران نی جناب صادق علیہ السلام سی استفسار کیا کہ کیا معنی
ہین قول سبحانہ تعالی کی هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ طِينٍ ثُمَّ قَضَىٰ أَجَلًا وَأَجَلٌ مُسَمًّى عِنْدَهُ
حضرت نی ارشاد کیا کہ اجل مسمی وہ اجل مراد ہی کہ جو شب قدر مین حق تعالی ملک الموت کو
خبر دیتا ہی اور معین کرتا ہی اوسکو اور اسی اجل کی طرف اشارہ ہی قول حق تعالی مین
إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ اور اجل دوسری وہ ہی کہ جسمین تقدیم
اور تاخیر کرتا ہی اور مولانا طبرسی نی تفسیر قول حقتعالی مین أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ وَأَطِيعُوهُ

وَأَطِيعُونِ يَغْفِرْ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى إِنَّ أَجَلَ اللَّهِ إِذَا
جَاءَ لَا يُؤَخَّرُ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ کا حاصل ترجمہ یہہ ہی عبادت کرو خدا کی اور پرہیزگاری کرو
تا حق تعالی گناہان تمہارے سی درگذری اور تمکو اجل مسمی تک نگاہ رکہی اور تحقیق کہ جس وقت
اجل آتی ہی تاخیر اوسمین واقع نہین ہوتی ہی اسطرح سی لکہا ہی کہ یہہ آیہ دلالت رکہتا ہی
اس بات پر کہ اجل دو قسم ہی اس جہت سی کہ عبادت اور تقوی کو شرط کروانا ہی واسطی
زندہ رکہنی کی اجل مسمی تک پس معلوم ہوا کہ اگر یہہ شرط عمل مین نا آوی حق تعالی اوسکو
پہنچنی اجل مسمی تک فرصت نہین دیتا ہی اور قبل اسکی ہلاک کرتا ہی اور بہی جناب صادق
صلوات الله علیہ نی تفسیر قول حق تعالی ثُمَّ قَضَىٰ أَجَلًا وَأَجَلٌ مُسَمًّى عِنْدَهُ مین فرمایا ہے
کہ اجل اول وہ ہی کہ ملائک اور انبیا اوس سی خبردار ہوتی ہین اور اجل مسمی وہ ہی کہ
اوسکو حقتعالی مخلوقات سی پوشیدہ کرتا ہی مخفی اور پوشیدہ تر ہی کہ بعضی احادیث سے
مستفاد ہوتا ہی کہ اجل مسمی مین بدا واقع ہوتا ہی اور اجل محتوم اور بعضی وہ ہی کہ قابلیت
بدا کی نہین رکہتی ہی اور اس حدیث سی معلوم ہوا کہ کلام آئمہ مین کبہی اجل مسمی مقابل اجل
محتوم مین مستعمل ہوتی ہی یعنی غیر محتوم اور کبہی بمعنی محتوم کی مستعمل ہوتی ہی اور اطلاق
دونو اجل کا ساتہہ مسمی کی اس اعتبار سی ہی کہ اجل محتوم شب قدر مین نزدیک ملک
الموت کی معین کی جاتی ہی اور نام رکہی جاتی ہی اور غیر محتوم باعتبار اسکی ہی کہ انبیا
اور ملائکہ اوس سی مطلع ہوتی ہین اور نام اوسکا جانتی ہین کتاب توحید مین ابی حیان
تیمی سی مروی ہی کہ مین رکاب سعادت امیر المومنین صلوات الله علیہ مین بیچ جنگ صفین
کی حاضر تہا اور وہ حضرت ایک روز آگی لشکر اپنی کی کہڑی تہی کہ معاویہ ملعون

واد اسطو

اُسی لشکر اپنی کی مقابل حضرت کی اسپ پر سوار نکل کر کہڑا ہوا اور گہوڑا اوسکا جلدی اور
تندی کرتا تہا اور جناب علی صلوات اللہ علیہ اسپ رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ پر سوار تہی
اور حربہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ کا دست مبارک مین تہا اور رجز پڑہتی تہی اور ذوالفقار کو
حمائل کی تہی پس ایک شخص نی اصحاب اون حضرت سی عرض کی کہ یا امیر المومنین خبردار
رہو کہ مبادا ایہہ ملعون آپسی مکر کری اور کوئی آسیب اپکو پہنچاوی حضرت نی فرمایا کہ فی الواقع
دیانت اور امانت اوسکی پر اعتماد نہین ہی اور یہہ شقی ترین فاسقونکا ہی اور ملعون ترین
خوارج کا کہ امام زمانہ پر خروج کیا ہی لیکن اسقدر معلوم کیا چاہیی کہ اجل حافظ ہر شخص کی ہی
یعنی جبتک وعدہ مرگ نہ پہنچی انسان ہلاک نہین ہوتا ہی اور کوئی متنفس نہین ہی مگر یہہ
کہ ملائکہ اوسکی حفاظت کرتی ہین کہ مبادا کنوئین مین گری یا دیوار اوسپر نگری یا اور بدی
اوسکو پہنچی اور جسوقت کہ اجل اوسکی پہنچتی ہی ملائکہ نگاہبانی اوسکی ترک کرتی ہین پس
اسیطرح سی ہر گاہ اجل میری پہنچی کی شقی ترین خوارج پیدا ہوگا اور خون سر میرسی محاسن
میری کو خضاب کریگا اور یہہ اسیطرح سی مقرر ہوا ہی کہ تخلف اوسمین ممکن نہین ہی پوشیدہ
نرہی کہ اس مقام مین اعتراض وارد ہوتا ہی کہ شہادت جناب امیر کی کہ جو ضربت ابن
ملجم سی حاصل ہوئی از قبیل اجل حتمی ہی یا از قبیل اجل غیر حتمی اگر اجل حتمی ہی تو چاہیی ابن ملجم پر قصاص واقع
نہوتا اسواسطی کہ اگر وہ قتل نکرتا تاہم وہ حضرت وفات پاتی اور اگر غیر حتمی ہی پس اول
اونحضرت کا فرمانا کہ اجل ہر ایک کی نگہبان اوسکی ہوتی ہی اور عدم امکان ہلاکت نہی کو
متفرع کرنا قبل از ضربت ابن ملجم کی کچھ وجہ معقول نہین رکہتا ہی اسواسطی کہ قبل از ضربت ابن ملجم کی اجل انحضرت کی حتمی تہا اجل
اونحضرت کو آدمی پس محافظت نفس کی اوسوقت مین واجب ہوگی پس اظہر نزدیک میری خوا

جواب اسکا یہہ ہی کہ ہلاکت ہر ذیحیات کی بسبب قتل اور امثال اسکی اتفاق ہوجاتی ہی از قبیل
اجل غیر حتمی ہو باعتبار اس معنی کی کہ اگر قتل واقع نہوتا تو مقتول زندہ رہتا اور اس واسطی
قصاص قاتل سی واجب ہوتا ہی لیکن اس مین شبہہ نہین کہ ہر گاہ حق تعالی کسیکو خبر دی کہ
تو اجل غیر حتمی سی ہلاک ہوگا پس تخلف اس مین بہی ممکن نہوگا پس اس صورت مین خبایت کا
حق ہوگا اور یہہ اشکال وارد نہوگا انتہی کلامہ اعلی اللہ فی فرادیس الجنان مقامہ قولہ تعالی
مَکَّنّٰاهُمْ فِی الْاَرْضِ معنی اسکی یہہ ہین کہ گروہ انا ہمنی اونکو سلاطین اور اغنیا حاصل کئی
کہ ہر گاہ ایسی ایسی سلاطین اور اغنیا کو کہ تم سی قوت مین اور حشمت مین بمراتب زیادہ
تہی اور اونکو ہمنی ہلاک کیا پس چاہیی کہ تم خوف کرو قولہ قَرْنًا معنی قرن کی لغت مین یہہ ہین
کہ مردمان اوس عصر کو کہتی ہین اور یہہ مشتق ہی اقْتِرَانِهِمْ فِی الْعَصْرِ سی زجاج نی کہا ہی
کہ قرن اسی برس ہی اور بعضون نی کہا ہی ستر برس اور ذکر کیا صاحب مجمع البیان نی مراد
قرن سی اہل اوس مدت کی ہین کہ جسمین نبی ہو یا جس طبقہ مین کہ اہل علم ہون کم گذری ہون
سال یا بہت اور دلیل اسپر قول نبی صلی اللہ علیہ و آلہ کا ہی خَیْرُکُمْ قَرْنِیْ ثُمَّ الَّذِیْنَ
یَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ بہتر تم مین زمانہ میرا ہی بعد اسکی زمانہ اون لوگون کا
کہ متصل اس سی ہین اور بعد اسکی زمانہ اون کا کہ متصل ان سی ہین قولہ قَرْنًا اٰخَرِیْنَ
یعنی حق تعالی جسطرحسی کہ قادر تہا اسپر کہ ہلاک کری گروہ سابقہ کو مثل عاد اور ثمود کے
اور پیدا کئی عوض انکی اور قوم اسیطرحسی قادر ہی کہ مثل انکی تمہاری حق مین بہی بجالاوی
پس خواب غفلت سی بیدار ہو اسواسطی کہ اس نوع سی خلاص پاؤ مروی ہی کہ نضر بن حارث
اور امثال اوسکی نزدیک رسول کی آئی اور کہا اونہون نی کہ ای محمد ہم تمہاری ساتہہ ایمان

نہ لاوین کی جب تک کہ پاس فرشتی نامہ لیکر آسمان سی نازل ہوں اور کہا ہی ین کہ یہہ کتاب نبی ہی

واسطی تمہاری نازل ہوتی ہی اوسوقت حق تعالی نی اس آیہ کو نازل کیا ولو نزلنا علیک کتابا الآیۃ

قوله وللبسنا علیهم یعنی ہر آینہ مشتبہ کرین کی اوپر اونکی اوس شبہہ کرین کی ساتھ جس کی کہ آج

وی شبہہ کرتی ہین حاصل کلام یہہ ہی کہ

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ○

کہہ تو ای محمد سیر کرو بیچ زمین کی بعد اسکی بنظر عبرت دیکھو کس طرح سی ہوئی عاقبت تکذیب کرنی والونکی

قُلْ لِمَنْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ قُلْ لِلّٰهِ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ

کہہ تو محمد کس کی واسطی وہ چیز کہ بیچ آسمانوں اور زمین کی ہی کہہ تو محمد واسطی خدا کی ہی لازم کیا اوپر نفس اپنی کی رحمت کو

لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ

ہر آینہ جمع کریگا تمکو طرف روز قیامت کی نہیں شک ہی بیچ اوسکی وہ لوگ کہ زیان کیا حق نفسوں اپنی کی انہون

فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○ وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيعُ

پس وہ نہ ایمان لاوینگی اور واسطی اوسی کی ہی وہ چیز کہ آرام کرتی ہی بیچ رات کی اور دن کی اور وہ سننے والا ہے

الْعَلِيمُ ○ قُلْ أَغَيْرَ اللّٰهِ أَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَ

دانا ہے کہہ تو ای محمد آیا سوای خدا کی لون مین دوست ایسا خدا کہ پیدا کرنی والا آسمانوں اور زمین کا ہی اور

هُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ وَلَا

کھلاتا ہی اور نہیں روزی دیا جاتا وہ خدا کہہ تو محمد بدرستی کہ مین حکم کیا گیا ہوں یہہ کہ ہوؤں اول اوس شخص کا کہ اسلام لاوی

تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ○ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ

ہو تو مشرکون سی — کہہ تو ای محمد بدرستی کہ مین خوف کرتا ہوں اگر نافرمانی کروں مین رب اپنی کی عذاب

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ○ مَنْ يُصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهُ

عذاب روز قیامت سی — جس شخص سی کہ پھیرا جاتی اوس دن عذاب پس تحقیق مہربانی کی اوسپر

وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ○ وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ

اور یہہ رستگاری ہی ظاہر ہے اور اگر پہنچاوی تجکو خدا کوئی سختی پس نہیں ہی کوئی دور کرنی والا

لَهُ إِلَّا هُوَ وَإِنْ يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ وَهُوَ الْقَاهِرُ

واسطی اوسکی مگر وہ خدا اور اگر پہنچاوی تجکو نیکی پس وہ اوپر ہر چیز کی قادر ہی اور وہ غالب ہے

فَوْقَ عِبَادِهِ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ ○ قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً

اوپر بندوں اپنی کی اور وہ حکمت والا اور دانا ہی کہہ تو محمد کون چیز بزرگ ہی از روی گواہی کے

قُلِ اللّٰهُ شَهِيدٌ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَأُوحِيَ إِلَيَّ هٰذَا الْقُرْآنُ لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ

کہہ تو کہ خدا گواہ ہی درمیان ہماری اور درمیان تمہاری اور وحی کیا گیا طرف میری یہہ قرآن تاکہ ڈراؤں تمکو ساتھ

وَمَنْ بَلَغَ أَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللّٰهِ آلِهَةً أُخْرٰى قُلْ لَا أَشْهَدُ

اور جس شخص کو پہنچی یہہ قرآن آیا تم گواہی دیتی ہو تم بدرستی ساتھ خدا کی خدایان دیگر ہین کہہ تو نہیں گواہی دیتا

قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي بَرِيءٌ مِمَّا تُشْرِكُونَ ○ الَّذِينَ آتَيْنٰهُمُ

کہہ تو کہ نہیں ہی مگر خدا ہی واحد اور بدرستی کہ مین بیزار ہون اس چیز سی کہ شریک لاتی ہو تم وہ لوگ کہ دیا ہمنی اونکو

الْكِتٰبَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمُ الَّذِينَ خَسِرُوا

کتاب پہچانتی ہین اوسکو جس طرح سی کہ پہچانتی ہین فرزندوں اپنی کو وہ لوگ کہ زیانکار ہوئی

أَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○

بیچ نفسوں اپنی کی پس وہ نہ ایمان لاوینگی

ع

قوله علیٰ نفسه الرحمة یعنی انعام کیا ہدایت کو ہطرسی کہ قائم کئی اولہ اور حجج اور بہیجی رسول
اپنی کی اور نازل کیا کئی کتابون کو اور از جملہ رحمت قبول توبہ ہی ہی اور عفو معصیت سی ہے
روکعب الاحبار سی روایت ہی کہ اول حق تعالیٰ نی زبرجد اور یاقوت اور موتی پر پیدا کیا لوح
قلم اور مداد کی لکہا یہہ تہا کہ لا الہ الا انا سبقت رحمتی غضبی قوله وله ما سكن
جسر مین مروی ہی کہ ایک جماعت نی کفار قریش سی کہا اے محمد ہمکو معلوم ہوا کہ احتیاج اور مسکنت
نی تجہی اس کلام پر برانگیختہ کیا ہی کہ دین ایک اپنی طرفسی وضع کر کی ہمکو اوسکی طرف بلاتے
ہم تیری واسطی چندا کر کی اوسقدر مال مہیا کرین کہ تو تمام اپنی خویشون سی توانگر ہو جاے بشرطیکہ
اسی دین سی دست بردار ہو تو لہذا حق تعالیٰ نی اوسوقت رد اوسکی مین یہہ آیہ نازل کیا
قوله فی اللیل والنهار اور وجہ ذکر کرنی سموات اور ارض کی ماقبل مین اور ذکر کرنی
لیل و نہار کا مابعد مین یہہ ہی کہ آسمان اور زمین ظرف مکان ہی اور لیل و نہار ظرف زمان ہے
پس یہہ دونو ظرف تہری واسطی ہر چیز کی حاصل اسکا یہہ ہی کہ خدا سب چیز کا مالک ہی اور
سب چیز دست قدرت اوسکی مین ہی قوله ولا یطعم مراد اس سی یہہ ہی کہ وہ روزی دینے
والا خلق کا ہی اور اوسکا کوئی رازق نہین ہی قوله علیٰ کل شیء قدیر ابن عباس سی مروی
ہی کہ ایک شخص نی واسطی حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ کی برسم تحفہ ایک اشتر بہیجا تہا ایک روز
وہ حضرت اوسپر سوار تہی اور مجکو بہی اپنی سوار کیا تہا کہ اثنای راہ مین طرف میری
نگاہ کی اور ارشاد کیا کہ اے ابن عباس حدود خدا کو نگاہ رکہہ تا ثواب اوسکا پاوی تو
اور وقت راحت مین خدا سی شناسائی کرتا وقت سختی مین وہ خدا تجسی شناسائی کری اور اگر
کوئی چیز چاہی تو خدا سی طلب کر اور اعانت اوسکی کی خواہش کر اسواسطی کہ قلم تقدیر ساتہہ

ساتہہ اوس چیز کی کہ ہونی والی ہی جاری ہوا ہی اور اگر تمام خلائق کوشش کرین واسطی
تیری کہ کوئی چیز خیر و شر سی تجکو پہنچاوین اور خدا نی واسطی تیری مقدر نکیا ہو تو نہین پہنچا
سکتی مین اور اگر ہو سکی تو بصبر و یقین کار اپنی کو بجا لا اور جان تو کہ نصرت ساتہہ صبر کی
اور مادہ سکے نقصین خالص ہو عجلت کرنا اور ہمین پشیمانی ہی وہ صبر ساتہہ دہوکی ہی اور آسانی و رحمت ساتہہ دشواری کی
ہی در تو کر یہی ساتہہ درویشی کی قوله ای شیء اکبر منقول ہی جماعت یہود نی کہا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم یہود کہتی ہین کہ تیری تصدیق کری اور علمای یہود اور نصاری سی پوچہا
جنہی کہ صفت اس مرد کی کسی کتاب مین نہی دیکہی ہی اونہون نی انکار کیا اب کسیکو لا
کہ تیری رسالت اور حقیت کتاب پر گواہی دوی لہذا اللہ تعالیٰ نی اوسکی رد مین یہہ آیہ
نازل کیا قوله یعرفونه کما یعرفون ابناءهم ابو حمزہ ثمالی نی روایت کی کہ ہرگاہ جناب ثانی مدینہ مین آئے
عمر عبد اللہ سلام سی پوچہا کہ معرفت تمہاری پیغمبر خدا سی کہ حق تعالیٰ خبر دیتا ہی کہ مثل معرفت تمہارے
بیٹون فرزندان اپنی کی کیا معنی ہین کہا اوسنی ہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو یقین جانتی ہین ہم اور یہہ یقین زیادہ ہی
کہ جو نسبت فرزندان کی کہتی ہین ہم اسواسطی کہ اسکو حق سی جانتا ہی کہ یہہ کلام خدا کا ہی اور بطون عورتون کی
ومن اظلم ممن افترىٰ على الله كذبا او كذب بآياته انه لا يفلح
اور کون شخص ظالم تر ہی اوس شخص سی کہ باندہی اوپر خدا کی دروغ کو یا تکذیب کری اوسکی آیتون کی
الظالمون ○ ويوم نحشرهم جميعا ثم نقول للذين اشركوا اين
ظالمون کو اور یاد کر اوس دن کو کہ جمع کرینگی ہم اون سبکو بعد اسکی کہینگی ہم واسطی اون لوگون کی کہ شرک کی مین کہان
شركاؤكم الذين كنتم تزعمون ○ ثم لم تكن فتنتهم الا ان قالوا
وہ جنکو تم شریک ہمارا کرتی تہی

وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ○ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَ

قسم اللہ کی کہ رب ہمارا نہیں تھے ہم شرک کرنے والے دیکھ تو کیسا جھوٹ کہتے ہیں پر نفسوں اپنی کے اور

ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ

گم ہو گئی ان سے جو کچھ تھے وہ افترا کرتے اور بعضے ان میں سے وہ شخص ہے کہ کان رکھتا ہے تیری طرف

وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا وَ

اور کر دیا ہم نے اوپر دلوں ان کے کے پردے یہ کہ سمجھیں اسکو اور کیا ہم نے بیچ کانوں کے ان کے گرانی کو اور

اِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ

اگر دیکھتے وہ ہر معجزے کو نہیں ایمان لاتے ساتھ اسکے یہاں تک کہ جب آتے ہیں تیرے پاس جھگڑا کرتے ہیں تجھ سے

يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ○ وَهُمْ

کہتے ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے نہیں ہے یہ قرآن مگر کہانیاں اگلوں کا ○ اور وہ کفار

يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْئَوْنَ عَنْهُ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ

باز رکھتے ہیں لوگوں کو اس سے اور دور ہوتے ہیں اس سے اور نہیں ہلاک کرتے ہیں مگر نفسوں اپنی کو

وَمَا يَشْعُرُوْنَ ○ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا

در حالیکہ نہیں جانتے ہیں اور اگر دیکھے تو جس وقت کھڑے کیے جاویں گے اوپر آتش دوزخ کی پس کہیں گے وہ کاش کہ ہم

نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ بَلْ

پھیرے جاتے اور نہ تکذیب کرتے ہم آیات رب اپنے کو اور ہوتے ہم مومنوں سے ○ بلکہ

بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا

ظاہر ہوئی واسطے ان کے وہ چیز کہ تھے وہ کہ پوشیدہ کرتے تھے آگے اس سے اور اگر پھیرے جاویں البتہ پھر رجوع کریں طرف اس چیز کی

عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ○ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا

کہ منع کیے گئے تھے اس سے اور تحقیق وہ البتہ جھوٹ بولتے ہیں ○ اور کہا انہوں نے نہیں ہے یہ مگر زندگانی ہماری

الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ○ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ

دنیا کی اور نہیں ہیں ہم پھر اٹھائے ہوئے ○ اور اگر دیکھے تو جس وقت کھڑے کیے جاویں گے اوپر حکم رب اپنے کے

قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ

کہے گا خدا کیا نہیں ہے یہ حق کہیں گے ہاں قسم پروردگار ہمارے کی کہا خدا نے پس چکھو تم عذاب

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ حَتّٰٓى

ع

ساتھ اس کے کہ تھے تم انکار کرتے ○ تحقیق زیان کار ہوئے وہ لوگ کہ تکذیب کیا انہوں نے ساتھ ملاقات خدا کے یہاں تک کہ

اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا

جس وقت کہ آوے ان کو قیامت ناگہاں کہیں گے وائے پشیمانی ہماری اوپر اس چیز کی کہ تقصیر کی ہم نے

فِيْهَا وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ

بیچ حیات دنیا کی اور وہ کفار اٹھاویں گے بوجھ اپنے اوپر پیٹھوں اپنی کے آگاہ ہو بری چیز ہے جو اٹھاتے ہیں

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ

اور نہیں ہے زندگانی دنیا مگر بازی اور شغل بیہودہ اور البتہ گھر آخرت کا بہتر ہے واسطے ان لوگوں کے کہ

يَتَّقُوْنَ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ

پرہیزگاری کرتے ہیں کیا پس نہیں سمجھتے ہو ○ تحقیق جانتے ہیں ہم کہ شان یہ ہے البتہ غمگین کرتی ہے تجھ کو وہ چیز کہ کہتے ہیں

فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ

پس تحقیق وہ نہیں تکذیب کرتے تجھے اور لیکن ستمگار ساتھ آیات خدا کے انکار کرتے ہیں

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ فَصَبَرُوا عَلَىٰ مَا كُذِّبُوا وَأُوذُوا
اور البتہ تحقیق کہ تکذیب کی گئی رسولوں کی آگی تیری سے پس صبر کیا انہوں نے اوپر جس چیز کے تکذیب کئی گئی تھی اور ایذا دیے گئے
حَتَّىٰ أَتَاهُمْ نَصْرُنَا وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ وَلَقَدْ جَاءَكَ
یہانتک کہ آئی انکو مدد ہماری اور نہیں تغیر دینے والا ہے کوئی واسطے وعدہ ہای خدا کی اور البتہ تحقیق کہ آیا تجکو
مِن نَّبَإِ الْمُرْسَلِينَ ۞ وَإِن كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ
بعضی خبر رسولوں سے اور اگرچہ ہی شاق اور عظیم اوپر تیری منہ پھیرنا انکا
فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَن تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْأَرْضِ أَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَاءِ
پس اگر طاقت رکھتا ہی تو یہ کہ طلب کری تو جانی ایکو بیچ زمین کی یا زینہ بیچ آسمان کی
فَتَأْتِيَهُم بِآيَةٍ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَىٰ فَلَا تَكُونَنَّ
پس لائی تو انکو کوئی نشانی پس کر تو اور اگر چاہتا خدا البتہ جمع کرتا انکو اوپر ہدایت کے پس نہ ہو تو
مِنَ الْجَاهِلِينَ ۞ إِنَّمَا يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ وَالْمَوْتَىٰ
نادانوں سے ۔ نہیں ہی مگر یہ کہ قبول کرتی ہیں دعوت تیری کو وہ لوگ کہ سنتی ہیں اور مردوں کو
يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ۞ وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ
اوٹھاویگا خدا پھر طرف اسکی رجوع کئی جائینگے اور کہا انہوں نے کہ کیوں نہ نازل کیا اوپر اوس
آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ قُلْ إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَن يُنَزِّلَ آيَةً وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ
معجزہ رب اسکی سی کہہ تو ای محمد درستی کہ خدا قادر ہی اوپر اسبات کی کہ نازل کری معجزہ کو ولیکن اکثر انکی
لَا يَعْلَمُونَ ۞ وَمَا مِن دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ
نہیں جانتی ہیں اور نہیں ہی کوئی چلنے والا بیچ زمین کی اور نہ کوئی پرندہ کہ اوڑتا ہی ساتھ دو بازو

ضف

إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُم مَّا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِن شَيْءٍ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ
مگر یہ کہ گروہ ہیں مانند تمہاری نہیں ترک کیا ہمنی بیچ کتاب کی کسی چیز کو بعد اسکی طرف رب انکی
يُحْشَرُونَ ۞ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا صُمٌّ وَبُكْمٌ فِي الظُّلُمَاتِ
اوٹھائی جائینگی اور وہ لوگ کہ تکذیب کی انہوں نی آیات ہماری کو بہری ہیں اور گونگی ہیں بیچ تاریکیوں
مَن يَشَإِ اللَّهُ يُضْلِلْهُ وَمَن يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ
جس شخص کو چاہتا ہی گمراہ کرتا ہی اسکو اور جس شخص کو چاہتا ہی کردیتا ہی اوپر راہ مستقیم
قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللَّهِ أَوْ أَتَتْكُمُ السَّاعَةُ أَغَيْرَ اللَّهِ
کہہ تو دیکھا آپنی تم اگر آوی تمکو عذاب خدا کا یا آوی تمکو قیامت کیا سوائی خدا
تَدْعُونَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۞ بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ
بلاؤگی تم اگر ہو تم سچی بلکہ اوسی خدا برحق کو بلاؤگی تم پس دور کریگا
مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِنْ شَاءَ وَتَنسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ ۞
اوس چیز کو کہ بلاتی ہو طرف اوسکی اگر چاہی اور بھول جاؤ تم اوس چیز کو کہ شریک کیا تھا

قولہ لا یکذبونک اسکی معنوں میں چند اقوال ہیں ایک یہ ہی کہ معنی اسکی یہ ہیں کہ نہیں تکذیب کرتی وہ تیری از روی اعتقاد قلبی کی اگرچہ وہ اظہار تکذیب تیری کا کرتی ہیں از روی عناد کی بزبان یہ قول اکثر مفسروں کا ہی اور غیر مفسروں نی کہا ہی کہ جانتی تھی کہ تو رسول حق ہی لاکن انکار کرتی تھی بعد معرفت کی اور دوسرا یہ ہی کہ معنی اسکی یہ ہیں کہ تکذیب کرکر وہ تیری ساتھ حجت اور برہان کی اور تیسرا یہ ہی کہ تیری تکذیب نہیں کر سکتی اسواسطی کہ ہم جانتی ہیں صادق ہی بلکہ تکذیب آیات خدا کی کرتی ہیں اور اس قول کی تائید کرتا ہی تو اتی

تعالی کا وَلٰکِنَّ الظّٰلِمِیْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ یَجْحَدُوْنَ اور قول حقتعالی کا قولہ وکذب
بہ قومک اور چوتہا قول یہہ ہی کہ نہین تکذیب کرتی وہ تیری بلکہ تکذیب وہ کرتی
ہین میری سو پہلی تکذیب تیری رجوع کرتی ہی طرف میری اس جہت سی کہ تو رسول میرا
ہی پس جس شخص نی کہ تجہہ رد کی گویا مجہہ رد کی اون نی اور جس شخص نی تیری تکذیب کی
پس میری تکذیب کی اور پانچوین معنی یہہ ہین کہ نہین تکذیب کرتی وہ تیری ازروی
صدق کی یعنی نسبت کرتی تکذیب مین ہم جہوٹی ہین قولہ وَلَوْ شَآءَ اللّٰہُ یعنی اگر
خدا چاہتا اونکو تو جمع کرتا اونکو اوپر ہدایت کی ساتہہ الجاء کے اور اضطرار کی اور اگر
معنی مراد ہوون پس منافات لازم آتی ہی اس قول مین کہ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَرْضٰی
لِعِبَادِہِ الْکُفْرَ قولہ یَسْمَعُوْنَ پس کیونکہ حق تعالی نی سامعین حق کو زندہ ٹہرایا ہی اور
جو لوگ کہ نہین سنتی مین بمنزلہ میت کی کردانا ہی پس حاصل معنی یہہ ہوئی کہ نہین اجابت
کرتا ہے مگر مومن کہ سننی والا حق کا ہی اور لیکن کافر پس نہین اجابت
کرتا ہی اور وہ بمنزلہ میت کی ہی مگر یہہ کہ اوٹہائیں اوسکو قیامت کی دن پس
مجاہو کا اوسوقت طرف ایمان کی اور بعضون نی معنی اسکی اسطرح سی کہی ہین کہ اجابت
کرتا ہی وہ شخص کہ جسکا قلب زندہ ہی اور جس شخص کا قلب میت ہی پس وہ نہین اجابت
کرتا قولہ اِلَّا اُمَمٌ اَمْثَالُکُمْ الآیۃ یعنی چند صفت ہین کہ پہچانی جاتی ہین ساتہہ بہائم اپنی کی
کہ مشابہ تمہاری ہین بیچ خلق کی اور موت کی اور بعث کی ہین اور محتاج ہونی مین طرف رزق

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓی اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِکَ فَاَخَذْنٰہُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ
اور بہرآئینہ بیشک بہیجا ہمنی رسولونکو طرف امتو کی آگی تیرے سے پس پکڑا ہمنی اونکو ساتہہ سختی کی اور تنگی کی

وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّہُمْ یَتَضَرَّعُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَہُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا
اور تنگی کی شاید کہ وہ زاری کرین ۔ پس کیونکر اسطرح نہوا جبکہ آیا اونکو عذاب ہمارا زاری کی اونہون نی
وَلٰکِنْ قَسَتْ قُلُوْبُہُمْ وَزَیَّنَ لَہُمُ الشَّیْطٰنُ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝
اور لیکن سخت ہوگئی ہین دل اونکی اور زینت کی ہی واسطی اونکی شیطان نی اوس چیز کو کہ وہ عمل کرتی ہے
فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُکِّرُوْا بِہٖ فَتَحْنَا عَلَیْہِمْ اَبْوَابَ کُلِّ شَیْءٍ حَتّٰٓی اِذَا
پس جبکہ فراموش کیا کافرون نی اوس چیز کو کہ پند دی گئی تہی ساتہہ اوسکی کہولدی ہمنی اوپر اونکی دروازی ہر چیز کی یہانتک کہ جب
فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰہُمْ بَغْتَۃً فَاِذَا ہُمْ مُّبْلِسُوْنَ ۝ فَقُطِعَ
خوش ہوئی وہ ساتہہ اوس چیز کی کہ دی گئی وہ لیا ہمنی اونکو ناگہان پس تب وہ حسرت کی ماری ہوئی پس قطع کیا
دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ۭ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ قُلْ اَرَءَیْتُمْ
جڑ قوم کی ایسی قوم کہ ظلم کیا اونہون نی اوپر نفسون اپنی کی اور تمام شکر ثابت ہی واسطی اللہ کی [illegible] پالنی والا تمام عالم کا کہہ تو ای محمد کیا دیکہا تمنی
اِنْ اَخَذَ اللّٰہُ سَمْعَکُمْ وَاَبْصَارَکُمْ وَخَتَمَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ مَّنْ اِلٰہٌ
اگر لی خدا کان تمہاری کو اور بینائی تمہاری کو اور مہر کری اوپر دلون تمہاری کی کون خدا ہی
غَیْرُ اللّٰہِ یَاْتِیْکُمْ بِہٖ ۭ اُنْظُرْ کَیْفَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ ثُمَّ ہُمْ یَصْدِفُوْنَ ۝
سوائی برحق کی کہ دیوی تمکو شنوائی وغیرہ سی دیکہہ تو ای محمد کسطرح سی کردانتی ہین ہم آیتونکو پہر وہ [illegible]
قُلْ اَرَءَیْتَکُمْ اِنْ اَتٰىکُمْ عَذَابُ اللّٰہِ بَغْتَۃً اَوْ جَہْرَۃً ہَلْ یُہْلَکُ
کہہ تو ای محمد کیا دیکہتی ہو تم اگر آوی تمکو عذاب خدا کا یکبارگی یا آشکارا کہ علامات ظاہر ہون نہلاک کی جاویگی
اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِیْنَ اِلَّا مُبَشِّرِیْنَ
مگر قوم ستمکاران اور نہین بہیجاتی ہمنی پیغمبرونکو مگر درحالیکہ خوشخبری دینی والی

وَمُنْذِرِينَ فَمَنْ آمَنَ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

ڈرانے والے ہیں پس جو شخص کہ ایمان لایا اور اصلاح حال اپنا کیا پس نہیں خوف ہے اوپر انکے اور نہ وہ غمگین ہوں گے

وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ○ قُلْ لَا

اور وہ لوگ کہ تکذیب کی جنہوں نے آیات ہماری کو پہنچیگا انکو عذاب بسبب اسکے کہ تھے نافرمانی کرتے کہہ نہیں

أَقُولُ لَكُمْ عِنْدِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَا أَقُولُ لَكُمْ إِنِّي مَلَكٌ

کہتا میں واسطے تمہارے نزدیک میرے خزانے خدا کے ہیں اور نہیں جانتا میں غیب کو اور نہیں کہتا میں واسطے تمہارے تحقیق میں فرشتہ ہوں

إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَيَّ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَى وَالْبَصِيرُ أَفَلَا

نہیں پیروی کرتا میں مگر اس چیز کی کہ وحی کی جاتی طرف میری کہہ کیا برابر ہے اندھا اور بینا پس آیا نہیں

تَتَفَكَّرُونَ ○ وَأَنْذِرْ بِهِ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْ يُحْشَرُوا إِلَى رَبِّهِمْ لَيْسَ

فکر کرتے ہو تم اور ڈرا ساتھ اسکے ان لوگوں کو کہ ڈرتے ہیں کہ اکٹھے کیے جائیں طرف رب اپنے کی نہیں ہے

لَهُمْ مِنْ دُونِهِ وَلِيٌّ وَلَا شَفِيعٌ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ○ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ

واسطے انکے سوائے خدا کے کوئی دوست اور نہ شفاعت کرنے والا شاید کہ وہ پرہیز کریں اور نہ دور کر ان لوگوں کو کہ

يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ مَا عَلَيْكَ

یاد کرتے ہیں رب اپنے کو صبح کو اور شام کو ارادہ کرتے ہیں وہ رضا اوسکی کو نہیں اوپر تیرے

مِنْ حِسَابِهِمْ مِنْ شَيْءٍ وَمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ

حساب اونکے سے کوئی چیز اور نہیں ہے حساب تیرے سے اوپر انکے کوئی چیز کہ ہانک دے تو انکو

فَتَكُونَ مِنَ الظَّالِمِينَ ○ وَكَذَلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِيَقُولُوا

پس ہوگا تو ظالموں سے اور اسطرح آزمایا ہم نے بعضے انکے کو ساتھ بعضے کے تاکہ کہیں وہ

ع

لِيَقُولُوا أَهَؤُلَاءِ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْهِمْ مِنْ بَيْنِنَا أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِالشَّاكِرِينَ

کیا یہی وہ لوگ ہیں کہ احسان کیا خدا نے اوپر انکے درمیان ہمارے سے کیا نہیں ہے خدا بہت جاننے والا ساتھ شکر کرنیوالوں کے

وَإِذَا جَاءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِنَا فَقُلْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ

اور جسوقت کہ آویں تجھکو وہ لوگ کہ ایمان لاتے ہیں ساتھ آیات ہماری کے پس کہہ تو سلام ہو اوپر تمہارے لازم کیا

رَبُّكُمْ عَلَى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ أَنَّهُ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْ

رب تمہارے نے اوپر ذات اپنی کے رحمت کو یہ کہ جو شخص کہ عمل کرے تم میں سے برا ساتھ نادانی کے پھر توبہ کرے

بَعْدِهِ وَأَصْلَحَ فَأَنَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ○ وَكَذَلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ وَ

پیچھے عمل برے کے اور اصلاح حال اپنا کیا پس تحقیق وہ بخشنے والا مہربان ہے اور اسطرح سے مفصل بیان کرتے ہیں ہم آیتوں کو

لِتَسْتَبِينَ سَبِيلُ الْمُجْرِمِينَ ○

تاکہ روشن ہو راہ گنہگاروں کی باطن سے

ع

قوله بأعلم بالشاكرين ابو سعید خدری روایت کی ہے کہ ایک جماعت ضعفائے مہاجرین
میں بیٹھی تھی بعضے کپڑے پہنے ہوئے تھے اور بعضے ننگے تھے کہ ایک قاری قرآن پڑھتا تھا اور بعضے سنتے
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نزدیک اونکے آئے اور سلام علیک کی اور فرمایا حضرت نے کس
امر میں مشغول ہو عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ایک ہم سے قرآن پڑھتا ہے
اور ہم سنتے تھے پس حضرت نے فرمایا کہ الحمد للہ کہ میری امت سے ایک جماعت ظاہر ہوئی کہ
حق تعالی نے مجکو امر کیا ہے کہ انکے ساتھ بیٹھوں پس درمیان انکے بیٹھے اور زانو اپنا زانو
سے ملایا اور بعد فرمایا کہ حلقہ کرو پس حلقہ کیا پس انکو کہا اور فرمایا کہ بشارت ہو تم کو اے
فقرائے مہاجرین کہ روز قیامت کے تونگروں سے بقدر پانسو برس کے بہشت میں جاوینگے

قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ قُلْ لَا أَتَّبِعُ

کہہ اے محمد بت پرستون کو منع کیا گیا ہون میں اس سے کہ پرستش کرون اون لوگون کی کہ عبادت کرتے ہو تم سوای خدا کی کہہ میں پیروی نہیں کرتا

أَهْوَاءَكُمْ قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ ۝ قُلْ إِنِّي عَلَىٰ بَيِّنَةٍ

اگر ہو تمہاری تحقیق کہ گمراہ ہوا میں اوس ہنگام میں اور نہ ہون گا بیچ ہدایت پانے والون کی کہہ تو محمد مشرکون سے میں اوپر حجت کی ہون

مِنْ رَبِّي وَكَذَّبْتُمْ بِهِ مَا عِنْدِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ بِهِ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا

جانب رب اپنی سے اور تکذیب کی تمنے ساتھ اوسکی وہ چیز نزدیک ہمارے نہیں ہے کہ جلدی کرتے ہو تم اوسکی نہیں ہے حکم مگر

لِلَّهِ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفَاصِلِينَ ۝ قُلْ لَوْ أَنَّ عِنْدِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ

واسطے خدا کی بیان کرتا ہے حق کو اور وہ بہتر ہے فیصلہ کرنے والون کا کہہ تو محمد اگر ہو نزدیک میرے وہ چیز کہ جلدی کرتے ہو تم

بِهِ لَقُضِيَ الْأَمْرُ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِالظَّالِمِينَ ۝ وَعِنْدَهُ

ساتھ اوسکی البتہ تمام کیا جاتا کام درمیان ہمارے اور درمیان تمہارے اور خدا خوب جانتا ہے ساتھ ستمگارون کی اور نزدیک اوسکی

مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ

ہین کنجیان غیب کی نہیں جانتا اوسکو کوئی مگر وہی اور جانتا ہے اوس چیز کو کہ بیچ خشکی کی ہے اور دریا کی اور نہیں گرتا

مِنْ وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَ

کوئی پتا کوئی مگر یہ کہ جانتا ہے خدا اوسکو اور نہ کوئی دانہ بیچ اندھیرون زمین کی اور نہ کوئی تر اور

لَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ۝ وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُمْ بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ

نہ خشک کی مگر یہ کہ ثابت ہے بیچ کتاب روشن کی اور وہ ہے خدا کہ سلا لیتا ہے تمکو بیچ رات کی اور جانتا ہے

مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيهِ لِيُقْضَىٰ أَجَلٌ مُسَمًّى ثُمَّ إِلَيْهِ

اوس چیز کو کہ کرتے ہو تم بیچ دن کی بعد اوسکی جگاتا ہے تمکو بیچ دن کی تا کہ تمام کی جاتی اجل معین اوسکی طرف

مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ

جانی بازگشت تمہاری بعد اوسکی آگاہ کریگا تمکو ساتھ اوس چیز کی کہ عمل کرتے ہو تم

قوله علیٰ بینۃ مروی ہے کہ نضر ابن حارث اور دیگر روسای قریش نے کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ چند بار عذاب الٰہی سے تخویف اور تہدید کی تمنے جو عقوبت کہ تم کہتے ہو ہمکو پہنچاؤ لہذا حق تعالیٰ نے اونکے حق میں یہہ فرمایا کہ کہہ تو محمد کہ میں اوپر اونکی رد میں قوله ولا رطب ولا یابس بہ تحقیق کہ جمع کیا ہے تمام اشیا کو بیچ اس قول اپنی کی اسواسطے کہ تمام اجسام خالی نہیں ہیں ان دو نوں سے اور بعضون نے کہا ہے کہ مراد اس سے جو کچھ کہ زمین سے اوگتی ہے اور وہ چیز کہ نہ اوگی اور بعضون نے کہا ہے کہ رطب سے مراد دریا اور یابس سے ماحصل یہہ ہے کہ جمیع اشیا کا خالق عالم ہے اور لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہیں اور کتاب مبین سے مراد ہے لوح کی اور تفسیر خلاصۃ المنہج سے معلوم ہوا ہے کہ علمای کبار نے کہا ہے یعنی لا رطب ولا یابس

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً حَتَّىٰ إِذَا

اور وہ غالب ہے اوپر بندون اپنی کی اور بھیجتا ہے اوپر تمہارے نگہبان فرشتونکو تا اینکہ جسکو

جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُونَ ۝ ثُمَّ

آوے ایک تمہارے کو موت کہ لیجاتے ہین روح اوسکی کو رسول ہمارے فرشتے اور وہ فرشتے نہیں قصور کرتے بعد

رُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ أَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ

پھیری جاوینگی طرف خدا کی کہ مولا اونکا ہے آگاہ ہو کہ بیچ اوسکی حکم ہے اور وہ جلدی کرنی والا ہے حساب کرنیوالون کا

قُلْ مَنْ يُنَجِّيكُمْ مِنْ ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً

کہہ تو اے محمد کہ نجات دیتا ہے تمکو اندھیریون بیابانون سے اور دریا سے کہ پکارتے ہو تم اوسکو زاری کرکے اور پوشیدہ

لئن انجانا من هذه لنكونن من الشاكرين ○ قل الله ينجيكم منها و

ہر آئینہ اگر نجات دے ہمکو خدا نی اِس سی البتہ ہوینگے ہم شکر کرنی والون سی کہہ تو اللہ بچاتا ہی تمکو اس سی اور

من كل كرب ثم انتم تشركون ○ قل هو القادر على ان يبعث

ہر اندوہ سی پھر بھی تم شریک لاتی ہو تم کہہ تو وہ قادر ہی اوپر اسکی کہ بھیجی

عليكم عذابا من فوقكم او من تحت ارجلكم او يلبسكم شيعا و

اوپر تمہاری عذاب کو اوپر تمہاری سی یا زیر قدم تمہاری سی یا ملا دے تمکو آپسمین گروہ گروہ اور

يذيق بعضكم بأس بعض انظر كيف نصرف الايات لعلهم

چکھاتا ہی بعضی تمہاری کو رنج بعضونکا نظر کر تو کسطرح سی پھیرتی ہین ہم آیت کو شاید کہ وہ

يفقهون ○ وكذب به قومك وهو الحق قل لست عليكم

جانتی ہین اور تکذیب کی اوس قرآن کی قوم تیری نی حال آنکہ وہ ہی حق ہی کہہ تو نہین ہون مین اوپر تمہاری

بوكيل ○ لكل نبأ مستقر وسوف تعلمون ○ واذا رأيت

نگہبان واسطی ہر ایک خبر کی وقت مقرر ہی اور قریب ہی کہ جانوگی تم اور جسوقت دیکھی تو

الذين يخوضون في آياتنا فأعرض عنهم حتى يخوضوا في

ان لوگونکو کہ فکر کرتی ہین بیچ آیات ہماری کی پس مونہہ پھیر لی اونسی تا آنکہ فکر کرین بیچ

حديث غيره واما ينسينك الشيطان فلا تقعد بعد الذكرى

کلام غیر قرآن کی اور اگر بھلا دے تجکو شیطان پس نہ بیٹھ تو بعد یاد آنے نصیحت پروردگار کے

مع القوم الظالمين ○ وما على الذين يتقون من حسابهم من

ساتھ گروہ ستمگارونکی اور نہین ہی اوپر ان لوگونکی کہ ڈرتی ہین حساب جرائم انکی سی

من شيء ولكن ذكرى لعلهم يتقون ○ وذر الذين اتخذوا

کوئی چیز اور لیکن پند دینا ہی اونکو شاید کہ وہ لوگ ڈرین اور ترک کر ان لوگونکو کہ پکڑا انہون نی

دينهم لعبا ولهوا وغرتهم الحياة الدنيا وذكر به ان تبسل

دین اپنی کو لعب اور لہو اور فریب دیا انکو زندگانی دنیا نی اور پند دی تو ساتھ اس قرآن کی تا گرفتار نہ ہو جاوے

نفس بما كسبت ليس لها من دون الله ولي ولا شفيع وان

کوئی نفس ساتھ اوس چیز کی کہ عمل کیا ہی نہین ہی واسطی اس نفس کی سوای خدا کی کوئی حمایتی اور نہ کوئی سفارش کرنیوالا اور اگر

تعدل كل عدل لا يؤخذ منها اولئك الذين ابسلوا بما

بدلہ دے وہ نفس سب فدیہ کو نہ قبول کیا جاوی گا اوس سی یہہ وہ لوگ ہین گرفتار ہوئی بیچ اوس چیز کی

كسبوا لهم شراب من حميم وعذاب اليم بما كانوا يكفرون ع

عمل کیا ہی انہون نی واسطی اونکی آب گرم ہی اور عذاب دردناک ہی بسبب اوس چیز کی کہ تھی وہ کہ انکار کرتی تھی

قولہ رسلنا جناب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ سی مروی ہی کہ شب معراج مرکا مجکو آسمان پر لیگئی
ایک فرشتہ کو دیکھا مینی کہ کرسی پر بیٹھا ہی ترش رو اور تنگ دل تمام فرشتون نی مجھے
دیکھا خندان ہوئی مگر وہ کہ ایک لوح ہاتھہ مین لئی تھا اور اوسمین دیکھہ رہا جبرئیل سی پوچھا
مینی کہ یہہ کون ہی کہا اونہونی کہ یہہ ملک الموت ہی جس وقت سی کہ حق تعالی نی اسکو پیدا
کیا ہی کسینی اسکو خندان نہین دیکھا ہی پس حضرت نی کہا کہ اوسکی نزدیک گیا مین اور کہا
کہ قبض ارواح خلائق کی کیونکر کرتا ہی کہ ایک مشرق مین ہی اور ایک مغرب مین ہی اور پھر
کیسی ہی کہا اونسی کہ لوح اجل ہائی خلقت مین ہی کہ حق تعالی ایک شب قدر سی دوسری
شب قدر تک اجلہائی خلقت مجہی لکھہ کر حوالی کرتا ہی اور روی زمین میری نزدیک ایک خوان

بعبان ارادہ کردن وہان اپنے پر اسیحنا ہی قولہ من فوقکم او من تحت
ارجلکم مراد ہی سی وہ عذاب ہی کہ جو آسمان سی نازل ہو مثل سنگ کی کہ قوم لوط
پر اور اصحاب فیل پر نازل ہوا اور عذاب تحت ارجل سی وہ مراد ہی کہ کسطرح سی قوم نوح
طوفان مین ہلاک ہوئی یا آل فرعون کہ آب مین غرق ہوئی اور قارون کہ زمین مین دھنس
گیا اور ابی عبد اللہ صلوات اللہ علیہ سی مروی ہی کہ مراد عذاب فوق سی حکام ظالم ہین
اور عذاب تحت سی بندگان بدکرداران ہین کہ جنسی رنج پہنچا ہی قولہ او یلبسکم
شیعا الایہ مراد اس سی یہہ ہی کہ بجہت فرط عناد تمہاری حال تمہارے پر تمکو چھوڑا
اور ترک لطف الطاف اور توفیق اپنی کا تم سی مسدود کیا تا شیطان تم پر مستولی ہوا اور تخم
مخالفت درمیان تمہارے ڈالی اور علم مخالفت درمیان تمہارے برپا کرے جناب نبوی
صلی اللہ علیہ و آلہ سی مروی ہی کہ مینی پروردگار سی سوال کیا کہ اہل کفر کو امت میری پر
غالب نکر پس حقتعالی نی قبول کیا بعد اسکی درخواست کی مینی کہ امت میری کو بعلت جوع اور
قحط کی بلا کہ نکر پس اسکو بہی عنایت فرمایا اور سوال کیا مینی کہ انکو گمراہی پر جمع نکر
پس عطا کیا میری تئین اور سوال کیا مینی کہ مخالفت درمیان انکی نہ ڈالنا اور گروہ
مختلف نکیجو حق تعالی نی اسکو قبول نکیا اور فرمایا کہ یہہ ہماری رائے پر موقوف رکہہ
اور تفسیر کلینی مین اسطرح ہی کہ جسوقت یہہ آیہ نازل ہوا جناب رسالت پناہ صلی اللہ علیہ و آلہ
قایم ہوئی اور وضو کیا اور نماز ادا کی اور سوال کیا حق تعالی سی کہ نازل نکیجو امت
میری پر عذاب اوپر سی اور نیچی قدم اونکی سی اور نہ گروہ گروہ کیجو اونکو اور نہ مختلف اور نہ
چکہا یو بعضو نکو رنج بعضی کا پس جبرئیل نازل ہوئی اور کہا کہ حق تعالی نی فرمایا ہی کہ

کہ مینی سنا سوال تیرا لیکن امت تیری کو نجات دی عذاب فوق و تحت سی لیکن وہ تین خصلتین
اخیر کو میری رائی پر رکہہ پس جناب رسالت پناہ نی جبرئیل سی کہا کہ امت میری جنگ
و جدال نکریگا جبرئیل نی کہا آپکی بعد اسکی حضرت پہر تشریف لائی ہوئی اور دعا کی اوسوقت آیہ
نازل ہوا الم احسب الناس ان یترکوا دو آیتون تک اور کہا جبرئیل نی کہ البتہ فتنہ
عظیم درمیان امت تمہاری کی واقع ہو گا تا صادق کاذب سی ممتاز ہو اور بجہت امتیاز
بعد قطع وحی شمشیر مخالفت نکلیگی اور تا روز قیامت اختلاف کلمہ مین واقع ہو گا اور بہی
جناب نبی صلی اللہ علیہ و آلہ سی مروی ہی کہ ہرگاہ شمشیر میری امت مین کہینچی گئی تا روز قیامت
موقوف نہو گی قولہ و اما ینسینک الشیطان ظاہر اکثر عبارات سی معلوم ہوتا ہی کہ یہ بات
ثابت ہی کہ نسیان اور سہو شیطانی انبیا اور ائمہ سی نہین ہوتا ہی پس نسبت نسیان کی
طرف شیطان کی اس آیہ مین مجاز ہی اور قطع نظر اس سی نسبت نسیان شیطان کی طرف
حقیقۃ کسی طرح سی نہین ہو سکتی سہو اسلئے کہ نسیان فعل شیطان کا نہین ہی بلکہ فعل حق تعالی
سی ہی ہو اسلئے کہ عادت حق تعالی کی جاری ہوئی ہی وقت عارض ہونی فکر مین یا اور
اشتغال مین نسیان کو حق تعالی پیدا کرتا ہی اور یہہ بی باتفاق ثابت ہی کہ سہو اور نسیان
بیچ ادا کرنی احکام الہی کی انبیا اور ائمہ سی نہین ہوتا ہی اور ماسوائی احکام الہی مین اختلاف
ہی بعضی قائل ہوئی ہین کہ ماسوائی احکام کی سہو اور نسیان ہوتا ہی تا اینکہ منجر با ختلال
حواس نہو اور دلیل اونکی اسپر یہہ ہی کہ جسطرح سی خواب اور بیہوشی تجویز کی جاتی ہی
انبیا پر پس سہو بہی اسی قبیل سی ہی اور اکثر علما اسکی قائل ہین کہ سہو اور نسیان انبیا سی
نہین ہوتا پوشیدہ نرہی کہ اس مقام مین گفتگو بہت سی ہی لیکن بعد ملاحظہ کرنی ادلہ

طرفین کی اطلاع سی ظاہر ہوتا ہی کہ جزم ما بعد القولین در غایت اشکال ہی چنانچہ جناب الہ
مآب غفران مآب نی عماد الاسلام مین بعد تحریر ادلہ طرفین کی لکھا ہی ہرچند کہ ظن عدم سہو
نبی کا ورائی احکام مین بلاحظہ اطراف اور جمع کی معلوم ہوتا ہی لاکن چون ظن اصول
دین مین کافی نہین ہی پس توقف کرنا اور نہ حکم کرنا بالجزم باوجود ترجیح ہونی احتمال عدم
سہو کی اولی اور الیق ہی واللہ یعلم بحقیقة الحال قوله تعالی الآیہ بعد نزول آیہ لا تقعد
الخ کی اہل اسلام نی عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ طواف خانہ کعبہ اور بیٹھنا مسجد
الحرام مین ضروریات سی ہی اور کفار ہمیشہ مسجد الحرام مین ہوتی ہین اور ہمارے روبرو کفار
ساتھ قرآن کی اور ہماری سخریہ کرتی ہین پس ہمکو ممکن نہین کہ ترک مجالست اونکی کرین اوس وقت
مین یہ آیت نازل ہوئی وَمَا عَلَى الَّذِينَ يَتَّقُونَ الآیہ ان آیات سی مستفاد ہوتا ہی
کہ ہمنشینی نہ کیا چاہیی ساتھ گروہ ستمکارون کی اور علت ہمنشینی کی یہ ہی کہ طعن کرنا اونکا
قرآن مین خلاف فرمودۂ الہی ہی پس جس امر سی خلاف فرمودۂ الہی ثابت ہوتا ہووی اوس امر کو
بجا نہ لایا چاہیی حاصل کلام یہ ہی کہ ہمنشینی نکرنی منحصر نہین ہی اسی مین کہ جو آیات قرآنی
پر طعن کرتی ہین بلکہ جس مجلس مین کہ کلمات بیہودہ اور باطل مذکور ہون ہمنشینی نکری چنانچہ
جناب سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ حضرت ابوذر کو مخاطب کرکی فرماتی ہین ای ابوذر
ہمنشین صالح بہتر ہی تنہائی سی اور تنہائی بہتر ہی ہمنشین بد سی اور سکھلانا خیر کا بہتر ہی
خاموشی سی اور خاموشی بہتر ہی سکھلانی بدی سی ای ابوذر نہ مصاحبت کر مگر ساتھ مومن
کی اور نہ کہا تو کہانا مگر طعام پرہیزگارون کا اور نہ کہا تو مثل طعام فاسقون کی اور جناب
سید الاوصیا فرماتی ہین کہ جلسہ مجمع مومنین بہتر ہی اعلی بہتر ہی اوس جلسہ سی کہ جو جنت مین ہو

ہین ہوا اسواسطی کہ جنت مین رضا نفس پیری کی ہی اور مجمع مومنین مین رضا پروردگار کی
ہی اور مروی ہی جناب صادق صلوات اللہ علیہ سی وقتیکہ مبتلا ہوی تو ساتھ
اہل غضب کی اور ساتھ ہمنشینی اونکی پس اسطرحسی بیٹھیہ کہ گویا سنگ گرم پر بیٹھا ہی
تو اپنی اراوہ اوٹھنی کا کر دلن سی اور وقتیکہ دیکھی تو کہ وہ خوض کرتی ہین
اور شروع مذمت کسی ایک کی ائمہ اثنا عشر سی پس اوس جگہہ سی تو اوٹھ کہڑا
ہو در حقیقتیکہ اوس وقت وہ مورد غضب الہی کی ہوئی ہین اور یہی جناب صادق
صلوات اللہ علیہ سی مروی ہی کہ جناب رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نی فرمایا کہ حواریون نی عرض کی خدمت عیسی مین کہ ای روح اللہ ہم ساتھ کسکی
ہمنشینی کرین حضرت عیسی نی فرمایا کہ ساتھ اوسکی کہ دیکھنا اوسکا تمکو خدا کی یاد دلاوی
اور بات کرنا اوس کی تمہاری علم کو زیادہ کری اور علم اوسکا موجب تمہاری کامون آخرت کی

قُلْ أَنَدْعُوا مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلَىٰ أَعْقَابِنَا

کہہ تو ای محمد آیا بلاوین ہم غیر خدا کو ایسی کو کہ نہین فائدہ دیتا ہمکو اور نہ ضرر [illegible]

بَعْدَ إِذْ هَدَانَا اللَّهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيَاطِينُ فِي الْأَرْضِ

بعد اسکی کہ ہدایت کی ہمکو خدا نی مانند اوس شخص کی کہ بہکا دیا ہو اوسکو شیطانون نی بیچ زمین کے

حَيْرَانَ لَهُ أَصْحَابٌ يَدْعُونَهُ إِلَى الْهُدَى ائْتِنَا قُلْ إِنَّ هُدَى اللَّهِ

در حالت حیرانی واسطی اوس شخص کی رفیق ہین کہ بلاتی ہین اوسکو طرف [illegible]

هُوَ الْهُدَىٰ وَأُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ وَأَنْ أَقِيمُوا الصَّلَاةَ

وہی درست ہی اور حکم کی گئی ہین ہم تاکہ گردن رکھین [illegible] اور یہ کہ برپا رکھو نماز کو

وَاتَّقُوهُ وَهُوَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اور ڈرو اسی سے اور وہ خدا ایسا ہی کہ طرف اسکی اٹھائے جاؤ گے اور وہ خدا ایسا ہی کہ پیدا کیا آسمانوں

وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَيَوْمَ يَقُولُ كُنْ فَيَكُونُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ

اور زمین کو ساتھ حق کی اور جس دن کہیگا ہو پس ہو جاویگا کہنا اسکا سچ ہی اور واسطے اسکی

الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَهُوَ الْحَكِيمُ

بادشاہی ہی اوس دن کہ پھونکا جاویگا بیچ صور کے جاننے والا غیب کا ہی اور ظاہر کا ہی اور وہ حکیم ہے

الْخَبِيرُ ۝ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ آزَرَ أَتَتَّخِذُ أَصْنَامًا آلِهَةً

دانا ہے اور یاد کر جسوقت کہا ابراہیم نے واسطے باپ اپنے آزر کے کیا پکڑتا ہی تو بتوں کو خدا ایں میں

إِنِّي أَرَاكَ وَقَوْمَكَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝ وَكَذٰلِكَ نُرِي إِبْرَاهِيمَ

برستی میں دیکھتا ہوں تجکو اور قوم تیری کو بیچ گمراہی ظاہر کے اور ایسی طرح دکھلایا ہمنی ابراہیم کو

مَلَكُوتَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَلِيَكُونَ مِنَ الْمُوقِنِينَ ۝ فَلَمَّا

بادشاہی آسمانوں اور زمین کی اور تاکہ ہووے یقین کرنے والوں سے پس جبکہ

جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَأَىٰ كَوْكَبًا ۖ قَالَ هٰذَا رَبِّي ۖ فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ لَا أُحِبُّ

ڈھکی اوپر اوسکی شب دیکھا ستارہ ایک کہا کہ یہہ رب میرا ہی پس جبکہ وہ غروب ہوا کہا ابراہیم نے نہیں دوست رکھتا ہوں غروب

الْآفِلِينَ ۝ فَلَمَّا رَأَى الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّي ۖ فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ

ہونے والوں کو پس جبکہ دیکھا چاند کو چمکتا طلوع کرنے والا کہا یہہ رب میرا ہی پس جبکہ وہ غروب ہوا کہا

لَئِنْ لَمْ يَهْدِنِي رَبِّي لَأَكُونَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّالِّينَ ۝ فَلَمَّا

جو نہ ہدایت کرے مجکو رب میرا البتہ ہوونگا میں قوم گمراہوں سے پس جبکہ

فَلَمَّا رَأَى الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّي هٰذَا أَكْبَرُ ۖ فَلَمَّا أَفَلَتْ

پس جبکہ دیکھا سورج کو طلوع کرنی والا کہا کہ یہہ رب میرا ہی یہہ بڑا ہی پس جبکہ وہ غروب ہوا

قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي بَرِيءٌ مِمَّا تُشْرِكُونَ ۝ إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي

کہا کہ اے قوم میری بیشک میں بیزار ہوں اوس چیز سی کہ شریک کرتے ہو تم بیشک میں متوجہ کیا میں منہ اپنا واسطے اوس کے

فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا ۖ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ وَحَاجَّهُ

کہ پیدا کیا ہی آسمانوں اور زمین کو چلنے والا سیدھی راہ پر دین حق کی اور نہیں میں شریک کرنی والوں سے اور جھگڑا ساتھ اوسکے

قَوْمُهُ ۚ قَالَ أَتُحَاجُّونِّي فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدَانِ ۚ وَلَا أَخَافُ مَا تُشْرِكُونَ

قوم اوسکی نے کہا کیا تم جھگڑا کرتے ہو مجسی بیچ وحدانیت خدا کی اور تحقیق راہ دکھلائی مجکو خدا نے اور نہیں ڈرتا ہوں اوس چیز سی کہ شریک کرتے ہو

بِهِ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ رَبِّي شَيْئًا ۗ وَسِعَ رَبِّي كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۗ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ

ساتھ اوسکی مگر یہہ کہ چاہی پروردگار میرا کسی چیز کو احاطہ کئے ہی پروردگار میرا ہر چیز کو ازروی علم کے کیا پس نہیں

وَكَيْفَ أَخَافُ مَا أَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُونَ أَنَّكُمْ أَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا

اور کسطرح میں خوف کروں اوس چیز سی کہ شریک لاتی ہو تم اور نہیں ڈرتے تم سی کہ تم شریک کرتے ہو ساتھ خدا کے

لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا ۚ فَأَيُّ الْفَرِيقَيْنِ أَحَقُّ بِالْأَمْنِ ۖ إِنْ كُنْتُمْ

اوس چیز کو کہ نہیں نازل کیا خدا نے ساتھ شرکت اوسکی کی اوپر تمہارے حجت غالب پس دونوں گروہوں میں سے کون زیادہ لایق ہی ساتھ امن کی اگر ہو تم

تَعْلَمُونَ ۝ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ أُولٰئِكَ

جانتے ہو تم وہ لوگ کہ ایمان لائے اور نہ ملایا اونہوں نے ایمان اپنی کو ساتھ شرک کی یہہ گروہ

لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُمْ مُهْتَدُونَ ۝

واسطے اونکی ہی امن اور وہ راہ پانی والی ہیں

ع ق

قوله أَصْحَابٌ يَدْعُونَهُ الى يه حاصل يه هي كه شياطين اوسكو اپني طرف دعوت
كرتي هين اور اصحاب اوس شخص كو منع كرتي هين اوس راه شيطان سي اور بلاتي هين
طرف راه راست كي پس وه متردد هوتا هي ٹهرني مين او رجاني مين اگر اوسني اتباع
شيطانكي كي ورطه هلاكت مين گرا اور اگر سخن اصحاب كا سنا بسر منزل نجات پهنچا
تشبيه كي يه هي كه متردد كو تشبيه دي هي اوس شخص سي كه غولان فريب ديكر اوسكو راه سي
سي ليجاتي هين اور بيابان خطرناك او رموضع هلاكت مين پهنچاتي هين او ريار اوسكي
اوسكي كه جو كاروان مين هين طرف راه راست اوسكو بلاتي هين اگر پهرا اور راه راست كي
طرف آيا ساتهه منزل مقصود كي پهنچا اور اگر اوسني همراهي شياطين كي كي كفر و زندقه مين
رها اور ساتهه هلاكت ابدي كي گرفتار هوا قوله فِي الصُّورِ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ خبر مين آيا هي
كه پيغمبر خدا صلى الله عليه وآله ني فرمايا شب معراج اسرافيل كو ديكها مين ني زير عرش صور كو
منهه مين لي هوئي هين او رشكل اوسكي شكل شاخ جانور كي هي اور اوسمين چار هزار سوراخ
هين اور اوپر كو ديكهه رهي تهي جبرئيل سي فرمايا جناب رسول صلى الله عليه وآله ني كه كب
سي يه صور اوسكي منهه مين هي كها جبرئيل ني اوس وقت سي كه حق تعالى ني عالم كو پيدا كيا هي
منتظر اسبات كا هي كه جس وقت فرمان الهي پهنچي پهونكي اوسي تا … واقع هو مجمع البيان
مين لكها هي كه اسرافيل دوبار صور كو پهونكين كي نفخه اول مين سب خلائق مرجائيگي اور نفخه
دوم مين سب زنده هونگي پس نفخه اول وسطي انتهاي دنيا كي هوا اور نفخه دوم وسطي
ابتداي آخرت كي ابو سعيد خدري ني حضرت رسالت پناه صلى الله عليه وآله سي روايت كي هي
كه حضرت ني فرمايا كه كسطرح سي خوشحالي گذران كيا چاهي حال اينكه صاحب صور صور كو

كو منهه مين لئي هوئي اور كان دهري هوئي هي كه بمجرد حكم اوسكو پهونكي قوله وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ
لِأَبِيهِ آزَرَ اسم پدر حضرت ابراهيم مين اختلاف واقع هوا هي حسن اور سدي اور ضحاك
قائل هوئي كه آزر نام باپ اوكي كا هي اور زجاج ني كها هي كه باتفاق نسابون كي اسم پدر
ابراهيم تارخ تها اور اس آيه سي معلوم هوتا هي كه نام اوكا آزر تها او ربعضون ني كها هي
كه آزر كلمه مذمت كا هي گويا كه ابراهيم ني اپني پدر كو كها كه اي مخطي اور سعيد بن مسيب اور
مجاهد ني كها هي كه آزر نام بت كا هي اور قول زجاج موئد هي قول اصحاب همار يكا كه آزر
جد مادر ابراهيم كي تهي يا عم اوكي تهي سو غلطي كه اجماع اصحاب كا هوا هي كه پدران نبي
تمامه آدم تك قائل به يگانه پرستي خدا تهي اور عقل اور نقل اسپر دال هي چنانچه نبي
صلى الله عليه وآله ني فرمايا كه همواره حق تعالى ني مجكو نقل كيا صلبهاي پاكيزه سي طرف
ارحام پاكيزه كي تا اينكه ظاهر كيا مجهي اس عالم تمهار مين اور نهين مجكو آلوده كيا ساتهه نجاسات
كفر كي پس اگر پيغمبر كي پدران مين كوئي كافر هوتا تو اسكو اصلاب طاهره تعبير نفرماتي
بنابر قول حق تعالى إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ اور اطلاق پدر كا مجاز كلام عرب مين
شائع هي لهذا بنابر محاوره عرب كي حق تعالى ني آزر كو پدر كها اخبار مين وارد هي كه
آزر بت بنا كر حضرت ابراهيم كو ديتي تهي كه اسكو بازار مين ليجاكر بيچ لاؤ حضرت ابراهيم اوسكي
پاؤن بت مين باندهكر بازار مين ليجاتي تهي اور كهينچي پهرتي تهي اور كهتي تهي كه مول لي كوئي خدا
اوس خدا كو كه نهين سنتا هي اور نهين ديكهتا هي اور كسيكو نفع اور ضرر نهين پهنچا سكتا
بعد اسكي ابراهيم اوسكو پهير لاتي تهي اور كهتي تهي كه كوئي شخص اسكو مول نهين ليتا هي
لوگون ني آزر سي شكايت ابراهيم كي كي كه آزر ني ابراهيم كو سرزنش اور ملامت كي حضرت

ابراہیم نے جواب میں کہا کہ تجھے شرم نہیں آتی ہے کہ ایک سنگ کو کہ کچھ نفع اوس سے
متصور نہیں ہے اور دیکھنا اور سننا اوس سے نہیں ہو سکتا ہے اوسکی پرستش کرتا ہے
عبد اللہ صلوات اللہ علیہ سے مروی ہے کہ ہرگاہ حق تعالی نے ابراہیم کو ملکوت آسمان
اور زمین دکھلائی ایک مرد کو دیکھا کہ زنا کرتا ہے بد دعا کی اور وہ ہلاک ہوا ایک مرد
دیکھا کہ وہ بھی زنا کرتا ہے اوسکو بھی بد دعا کی وہ بھی مر گیا خطاب پہنچا کہ اے ابراہیم
دعا تیری قبول ہے میری بندوں کو بد دعا نکر اور اگر چاہتا تو سب کو ہلاک کرتا میں لیکن
حکمت الہی میری مقتضی اسکی ہے کہ بندوں سے مواخذہ وقت گناہ میں نکروں میں بلکہ دار
جزا پر موقوف رکھا ہے میں نے اور میں نے اپنی مخلوقات کو تین قسم پر پیدا کیا ہے ایک قسم وے
کہ عبادت میری کرتی ہیں اور کسیکو شریک میرا نہیں جانتی ہیں واسطے اونکی ثواب ہائے
عظیم نامزد کیا ہے میں نے اور قسم دوسری عبادت میری کرتی ہیں اور میرے غیر کی بھی کرتے
ہیں اور تیسری قسم وہ ہیں کہ عبادت غیر میری کی کرتی ہیں اور مجھے مطلق دخل نہیں دیتی ہیں
پس اونکی صلب سے ایک جماعت مومن پیدا کر دیتا ہوں کہ وہ عبادت میری کریں گی اور
غیر کو شریک نکریں گی علمائے تواریخ نے نقل کیا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام زمانہ نمرود میں کنعان
میں متولد ہوئے تھے اور مجمل قصہ یہہ ہے کہ ایک شب نمرود نے خواب میں دیکھا کہ ایک ستارہ
طالع ہوا کہ روشنی اوسکی سے نور آفتاب اور ماہتاب زائل ہوا کمال خوف اور دہشت
سے بیدار ہوا اور کاہنان مملکت اپنی کو بلایا اور تعبیر اس خواب کی پوچھی اونہوں نے التماس
کیا کہ اس سال میں ولایت بابل میں ایک مولود خجستہ طالع خلوت خانہ نیستی سے فضائے
صحرائے ہستی میں اقدام رکھے گا کہ ہلاکت تیری اور زوال مملکت تیری اوسکی ہاتھ سے ہوئے

ہوگی اور پادشاہی درہم ہووے گی تم کسی عورت میں قرار نہیں پایا ہے نمرود نے حکم کیا کہ عورات کو مردوں سے
جدا کیا چاہیے اور اوس سال اوپر دو شخص تھے ایک کو اونمیں سے مامور کیا تھا کہ جو لڑکا پیدا ہو اوسکو
قتل کرو تارخ مقربان نمرود سے تھا ایک شب اپنی اہلیہ کو کہا کہ تم پوشیدہ کر میری
پاس آؤ مطابق کہنے اونکی کے وہ آئیں اور کسی پر حمل ظاہر نہوا [illegible] مادر ابراہیم
ہرگاہ ایام وضع حمل قریب پہنچے ترس نمرود سے باہر گئیں اور غار میں داخل ہوئیں
اوس موضع میں حضرت ابراہیم متولد ہوئے ایک خرقہ میں پیچیدہ کر کے غار سے باہر آئیں اور
غار کو سنگ پارہ سے بند کیا اور پھر گئیں روز دوسری طرف غار کی میں کہا کہ ابراہیم علیہ السلام
انگلیوں کو اپنی چوستے ہیں ایکسے شیر اور ایک سے شہد جاری ہے [illegible]
کی اتنی القصہ حضرت ابراہیم اوس غار میں [illegible] اسقدر بڑھتے تھے کہ اور لڑکے تمام مہینے
میں بڑھتے چنانچہ پندرہ مہینے میں اسقدر بالیدگی ہوئی کہ مثل جوانان پانزدہ سالہ کے
ہوئے اوسوقت مادر اونکی نے تارخ کو اس قصہ سے آگاہ کیا تارخ بہت سی خوش ہوئے
اور کہا کہ اونکو گھر میں لاؤ اور کچھ خوف نکرو والدہ اونکی ابراہیم کو غار سے باہر لائیں اور
وہ وقت نماز شام کا تھا پایان غار میں گلہ ہائے اسپ و شتر اور گوسفند جمع تھے حضرت
ابراہیم نے مادر اپنی سے پوچھا کہ یہہ کیا ہیں اونکی ماں نے آگاہ کیا اوس سے حضرت نے
کہا کہ البتہ انکا کوئی پروردگار ہے کہ انکو پیدا کیا ہے اور اوس زمانہ میں لوگ تین
طرح سے عبادت کرتے تھے بعضے پرستارہ اور ماہ اور آفتاب کی پرستش کرتے تھے اور بعضے
بت پرستی اور بعضے نمرود کی پرستش کرتے تھے قولہ فَلَمَّا جَنَّ ابراہیم ساتھ مادر اپنی کی سمت
شہر روانہ ہوئے پس ہرگاہ کہ تاریکی شب ہوئی دیکھا ستارہ زہرہ یا مشتری کو او

ہر گاہ وہ ستارہ واسطے غروب کے پہنچا دیکھا کہ بعضی لوگ اوس ستارے کو سجدہ کرتے ہیں کہا
ابراہیم نے کہ ہذا ربی برسبیل استفہام انکاری یعنی کیا یہ رب ہے پس وہ ستارہ غروب ہوا کہا لا احب الآفلین یعنی
نہیں دوست رکھتا ہوں میں غروب ہونی والی کو اور مقصود حضرت ابراہیم کا اس کہنے سے
یہہ تہا کہ انتقال شایان پروردگار کے نہیں ہے اور مقتضیات امکان اور حدوث سے ہے
قولہ تعالی فلما رای القمر بعد اسکی حضرت ابراہیم آگے تہی ہر گاہ کہ وہ شب چہاردہم تہی دیکہا ماہتاب کو
کہ ایک جماعت نے ماہتاب کو دیکہکر سجدہ کیا کہا حضرت ابراہیم نے یہہ رب میرا ہے پس
ہر گاہ ماہتاب غروب ہوا کہا ابراہیم نے کہ اگر راہ نہ دکہلاویگا پروردگار میرا البتہ
ہونگا میں گمراہوں سے بعد اسکی ہر گاہ کہ دیکہا اونہوں نے آفتاب کو کہا یہہ رب میرا ہے یہ
اوس سے بزرگ ہے پس ہر گاہ وہ غروب ہوا حضرت ابراہیم نے کہا کہ اے گروہ میں بیزار
ہوں اوس چیز سے کہ شریک کرتے ہو تم قولہ انی بری مما تشرکون یہہ آیہ دلیل ہے تقدیم تبرا کو
اوپر تولی کے اور کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ بھی مشعر اسپر ہے اور ہر گاہ کہ چند کلمات مناظرہ
سلطان رکن الدولہ ساتھہ صدوق بن بابویہ رضی اللہ عنہ کے مناسب اور متمم اس مقام کے
تھی لہذا بیان کیے جاتے ہیں بادشاہ نے کہا کہ اے شیخ عالم حاضرین مجلس مختلف ہیں
بیچ بدکہنے اور نیک کہنے اوس قوم کے کہ جن پر شیعہ طعن کرتے ہیں بعضے اون کے کہتے ہیں کہ
طعن کرنا اونپر واجب ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ نہیں واجب ہے بلکہ حرام ہے پس نزدیک تمہارے
کیا ثابت ہوا ہے کہا ابن بابویہ نے کہ اے بادشاہ درستی کہ حق تعالی نے قبول نکیا ہے کلمہ
نبی سے اقرار توحید اپنی کو تا اینکہ وہ بیزاری کریں ہر صنم سے اور ہر خدا سے کہ وراے خدا
برحق کے مقرر کئے ہیں اور نہ قبول کیا اقرار نبوت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کو دوستی تا اینکہ بیزاری کریں

انہوں نے ہر نبی کاذب سے مثل مسیلمہ کذاب اور سجاح اور عنسی وغیرہ کی اسیطرح سے نہیں
قبول کیا دوستی اقرار امامت امیر المومنین صلوات اللہ علیہ کو تا اینکہ بیزاری کریں کل
اون لوگوں سے کہ سواے اوکے ہیں ائمہ معتقدین سے کہا بادشاہ نے کہ حق یہہ ہی ہے کہ تم
کرمکو اے شیخ ساتھہ ایسے برہان جلی کے کہ جس سے خروج ابی بکر کا خلافت سے معلوم ہوتا
ہو اور اوس برہان سے معلوم ہوتا ہو کہ امامت جناب امیر المومنین صلوات اللہ علیہ
کی آسمان سے نازل ہوئی ہے اور نزول ابوبکر آسمان سے نازل ہوا ہوا اور اوسی دلیل سے
یہہ بھی ثابت ہوتا ہو کہ ابوبکر کو کچھ علاقہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ سے نتہا کہا شیخ نے کہ اہل
او تو مذہب نے بیان کیا ہے کہ ہر گاہ سورہ برات نازل ہوئی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ نے
ابوبکر کو طلب کیا اور کہا لے ان آیات کو اور مکہ میں جاکر موسم حج میں کفار و مشرکین کو
پس ابوبکر اوس سورے کو لیکر روانہ ہوا وہیں نزول کیا تہا کہ حضرت جبرئیل نازل ہوے
اور کہا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ رب تیرے نے سلام کہا ہے اور فرمایا ہے کہ اس سورے کو
تو مکہ میں جاکر پڑہ یا اوس شخص کو بھیج کہ جو تجہسے ہو یعنی تیری نسب سے ہو بعد اسکی علی صلوات اللہ
علیہ کو بلایا اور کہا تم جاؤ اور ابوبکر کو پہیر دو اور سورہ برات اوس سے تم لیکر ایام
حج میں مشرکوں پر تلاوت کرو پس امیر المومنین صلوات اللہ علیہ نے مکہ میں ابوبکر سے
لی اور بعضوں نے کہا ہے کہ روحا میں کہ تین دن کی مدینہ سے راہ ہے اور ابوبکر سے
لیا سورے کو اور آگاہ کیا اوسکو جانب خدا سے اور جانب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے اسیطرح امر کیا تہا اوسکو پیغمبر خدا نے پس اس حدیث متفق علیہ سے ثابت ہوا کہ خلافت اور
ولایت امیر المومنین صلوات اللہ علیہ آسمان سے نازل ہوئی اور نزول ابوبکر آسمان سے نازل

نازل ہوا پس لوگون نی خلیفہ کیا اوس شخص کو کہ جسکو خدا نی معزول کیا تھا اور معزول کیا
اوس شخص کو کہ جسکو خدا نی خلیفہ کیا تھا اور مقدم کیا لوگون نی اوس شخص کو کہ جسکو خدا نی
پیچھی کیا تھا اور پیچھی کیا اوس شخص کو کہ جسکو خدا نی مقدم کیا تھا اور ... ہی یہہ
ثابت ہوا کہ ابوبکر نسب جناب نبوی سی تھا ہو پہلی کہ کہنا جبرئیل کا جانب حق تعالی کی
کر ترا اوسکو واکر یا جو شخص کی جنسی ہو تو پس معلوم ہوا کہ ابوبکر جناب نبوی سی تہا اور
بھی اس آیہ سی معلوم ہوتا ہی کہ جناب امیر جناب نبوی سی تھی وہ آیہ یہہ ہی افمن کان
عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ اور مراد شاہد منہ سی بالاتفاق جناب
صلوات اللہ علیہ مقصود ہین اور ایضاً دلیل اسپر وہ حدیث ہی کہ تحقیقین مین مروی ہی کہ
جناب نبوی نی فرمایا کہ عَلِيٌّ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ قولہ حَاجَّهُ قَوْمُهُ الآیہ منقول ہی کہ جب
ابراہیم شہر مین داخل ہوتی اونکو طرف دین نمرود کی دعوت کی او... نمرود کہ ...
تہا ابراہیم نی اوسکو دیکھا کہ تخت زرین پر بیٹھا ہی اور غلام خوبصورت اور کنیزان ماہ
طلعت گرد تخت اوسکی کی صف بستہ کہڑی ہین پوچھا ابراہیم نی کہ یہہ کون ہی کہ جسکی عظمت
دیکھنی والی کی لائق ہو کہا لوگون نی کہ یہہ خداوند عالم ہی پوچھا حضرت ابراہیم نی کہ
یہہ ملازم کہ گرد تخت اوسکی کی کہڑی ہوتی ہین کون ہین کہا کہ یہہ مخلوقات اوسکی ہین حضرت
ابراہیم علیہ السلام متبسم ہوتی اور فرمایا کہ یہہ کسطرح سی ہو سکتا ہی کہ اپنی مخلوقات کو
اپنی سی بہتر پیدا کیا ہی کہ آپ ان سب سی خوبصورت ہوتا الغرض ابراہیم علیہ السلام
ہمیشہ ... کرتی تہی اور پرستندگان اصنام کو دشنام دیتی تہی اور قوم سالہ کی مجادلہ کرتی تہی
چنانچہ ... ہی طرف اسکی اشارہ کرتا ہی وَحَاجَّهُ قَوْمُهُ الآیہ ...

نتیجہ ذالک ... بہا جاء بہ محمد من حیث ولیہ
... بالولایة لابی بکر ولا بی حفص
وَتِلْكَ حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرَاهِيمَ عَلَىٰ قَوْمِهِ ۚ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن نَّشَاءُ
اور یہہ ... ہماری ... دیا ہمنی اوسکو ساتہ ابراہیم کی اوپر قوم اوسکی کی بلند کرتی ہین مرتبی جسکا چاہین
إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ○ وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ كُلًّا هَدَيْنَا
... پروردگار تیرا حکیم ہی دانا ہی اور دیا ہمنی واسطی ابراہیم کی اسحاق کو اور یعقوب کو ہر ایک کو ہدایت کی ہمنی
وَنُوحًا هَدَيْنَا مِن قَبْلُ ۖ وَمِن ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ
اور نوح کو ہدایت کی ہمنی آگی ابراہیم سی اور ہدایت کی ہمنی اولاد نوح سی یا ابراہیم سی داود و سلیمان ...
وَيُوسُفَ وَمُوسَىٰ وَهَارُونَ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ○ وَزَكَرِيَّا
اور یوسف اور موسی اور ہارون کو اور اسطرحسی عوض دیتی ہین ہم نیکو کارونکو اور زکریا
وَيَحْيَىٰ وَعِيسَىٰ وَإِلْيَاسَ ۖ كُلٌّ مِّنَ الصَّالِحِينَ ○ وَإِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَ
اور یحیی اور عیسی اور الیاس تمام یہہ صالحون سی ہین اور اسمعیل اور یسع اور
يُونُسَ وَلُوطًا ۚ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِينَ ○ وَمِنْ آبَائِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ
یونس اور لوط اور ہر ایک کو فضیلت دی ہمنی اوپر عالمیان کے اور بزرگی دی بعضی پدران انکی کو اور بعضی ...
وَإِخْوَانِهِمْ ۖ وَاجْتَبَيْنَاهُمْ وَهَدَيْنَاهُمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ○ ذَٰلِكَ
اور بعضی برادران انکی کو اور برگزیدہ کیا ہمنی انکو اور ہدایت کی ہمنی انکو طرف راہ درست کے
هُدَى اللَّهِ يَهْدِي بِهِ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۚ وَلَوْ أَشْرَكُوا لَحَبِطَ عَنْهُم
وہہ دین خدا کا ہی ہدایت کرتا ہی ساتہ اسکی جس شخص کو چاہتا ہی بندی اپنی سی اور اگر شرک لاتی یہہ لوگ البتہ باطل ہوتا

كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ

جو کچھ تھی وہ عمل کرتی تھی یہہ وہ گروہ ہین کہ دیا ہمنی انکو کتاب اور احکام شرع اور پیغمبری

فَإِنْ يَكْفُرْ بِهَا هَٰؤُلَاءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَيْسُوا بِهَا بِكَافِرِينَ ۝

پس اگر انکار کرین ساتہہ اسکی یہہ کفار قریش پس تحقیق متعین کیا ہمنی ساتہہ اسکی ایک قوم کو نہین وے ساتہہ اسکی منکر

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ قُلْ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا

یہہ وہ گروہ ہین ہدایت کی خدا نی پس ساتہہ طریق انکی کی پیروی کر تو کہہ کہ نہین مانگتا ہون مین تمسی اوپر تبلیغ قرآن کی مزدوری

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرَىٰ لِلْعَالَمِينَ ۝

نہین ہی قرآن مگر پند و نصیحت واسطی عالمیان کے

وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ ضمیر ذریتہ کی راجع ہی طرف حضرت نوح کی مولانا طبرسی علیہ الرحمہ

نی دو دلیلین اسکی بیان کی نقل کی ہین ایک یہہ ہی کہ اقرب مذکورین کا ہی اور دوسری

یہہ ہی کہ بعضی انبیا کہ جن کو تحت مین ذریتہ کی داخل کیا ہی وہ ذریت ابراہیم سی نہین

ہین اور زجاج نی کہا ہی کہ ضمیر ذریتہ کی بہی طرف حضرت ابراہیم کی راجع ہو سکتی ہی اور

غرض ذکر کرنا ذریت دونو کا ہی اور اس آیہ مین دلالت واضح ہی اسبات پر کہ اولاد حضرت فاطمہ

صلوات اللہ علیہا ذریت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ ہین اور کاشف اس اجمال کی وہ حدیث

ہی کہ عیون اخبار الرضا مین جناب موسی کاظم صلوات اللہ علیہ سی منقول ہی فرمایا اون

حضرت نی کہ ایک روز مین نزدیک ہارون الرشید کی گیا بعد سلام کرنی میری کے

جواب سلام میرا دیا ماہوستی اور کہا کہ ای موسی ابن جعفر دو خلیفہ ہین کہ خراج ملک ونکو

پہنچتا ہی اور منظور اس بات کا تہا کہ تم بہی باطن مین خلافت کرتی ہو اوسوقت امام موسی

موسی کاظم صلوات اللہ علیہ نی فرمایا پناہ خدا مین لاتا ہون تجکو اسی امیر المومنین اس بات کی کہ

بدگمانی میری حق مین نکر کہ تا تو ہلاک ہووا اور بدگوئی دشمنان ہماری کی ہمارے حق مین قبول مت کر واسطے

کہ تو بہتر جانتا ہی کہ زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ سی اسوقت تک ہمپر جہوٹ باندہا ہی گئی

اور نزدیک سلاطین کی شکایت ہماری کرتی ہین اگر اجازت ہو تو ایک حدیث جناب نبوی

صلی اللہ علیہ و آلہ سی نقل کرون مین ہارون رشید نی کہا اجازت دی مینی

کہا حضرت نی کہ پدر ان میری نی جد میری رسول خدا سی نقل کیا ہی کہ

جناب نبوی نی فرمایا ہی جسوقت کہ ذوی الارحام ایک دوسرے کو مس کرتی ہین رحم

حرکت مین آتی ہین اور خون جوش مارتا ہی پس اپنا ہاتہ بڑہا کہ ہارون رشید نی ہاتہ اپنا مجہکو دیجئی پس ہاتہ میرا پکڑ

ہارون رشید نی طرف اپنی کہینچا اور دیر تک مجہسی معانقہ کیا بعد اوسکی کہا کہ بیٹہو ای موسی

اور کچہہ خوف نکرو تم امام موسی کاظم صلوات اللہ علیہ نی فرمایا کہ پس ہر گاہ اوسکی طرف

نظر کی مینی دیکہا مینی کہ ہارون رشید آبدیدہ ہووا اور کہا کہ ای موسی رست کہا تمنی اور

رست کہا جد تمہاری نی بدرستی کہ اسوقت خون میرا حرکت مین آیا اور رگین میری مضطرب

ہو گئین یہانتک رقت نی مجہہ پر غلبہ کیا اور مین ارادہ رکہتا ہون کہ چند سوال تجہسی کرون

مین کہ مدت مدید سی سینہ میری مین خلجان کرتی ہین اور مینی کسی سی اونکا سوال نہین کیا ہی پس اگر

تو اون سوالونکا جواب دیگا تجہی قید سی نجات دونگا مین اور بعد اسکی کسی شخص کی

سخن کو تیری باب مین نہ قبول کرونگا مین تحقیق کہ خبر پہنچی مجہی ہی کہ تم کبہی جہوٹ نہین

کہتی ہو پس چاہئی کہ جواب سوال میرا کا راستی دینا پس آنحضرت نی کہا کہ اگر حکم میری

غضب سی ہو موافق علم اپنی کی جواب دونگا مین پس ہارون رشید نی کہا اگر تو

ہی کا اور تقیہ کو شعار بنی فاطمہ کا ہی مگر کانز برآیۃ مجکو امان دی جسمین پس آنحضرت نے
فرمایا کہ سوال کر تو اے امیر المومنین جس چیز کی کہ چاہے تو ہارون رشید نے کہا سوال میرا
یہ ہی کہ تم کس وجہ سے اونکو فضیلت اپنی کا اولاد عباس پر کرتے ہو حال آنکہ ہم اور تم
ایک درخت سے ہین کہ وہ عبد المطلب ہین اور بعد ہمارے عباس ہین اور بعد تمہارے ابو طالب
ہین اور یہ دونو عم رسول خدا تھے پس تمکو کیا زیادتی ہمپر ہے پس اوسوقت آنحضرت نے
فرمایا کہ ہم رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سے قریب زیادہ ہین نسبت تمہارے اسواسطے کہ
حضرت عبد اللہ باپ پیغمبر کے اور حضرت ابیطالب جد ہمارے ہے ماں کیطرف سے بھائی تھے جانب
و مادر سے بخلاف عباس کے کہ والدہ اونکی غیر والدہ عبد اللہ اور ابیطالب کی تھین ہارون
رشید نے کہا کہ پس اسکی کیا وجہ ہے کہ دعوی وراثت کہ جناب نبوی کی کرتے ہو حالانکہ عم
کے ہوتے ہوے عم کو نہین پہنچتا ہے اور محجوب ہوتا ہے اور وقت وفات حضرت سید المرسلین
کے عباس حین حیات تھے اور ابو طالب آگے وفات پا چکے تھے حضرت نے فرمایا کہ امیر المومنین سے مستدعی ہون کہ اس سوال سے
مجھکو معاف رکھے اور جس چیز کو چاہے سوال کرے تو ہارون رشید نے کہا کہ البتہ اسکا جواب دیجئے تو آنحضرت نے
کہا اگر مجھکو امان دو تو کہون کہا امان دی پس اوس وقت کہا آنحضرت نے کہ جناب امیر المومنین صلوات اللہ علیہ
فرماتے ہین کہ باوجود اولاد کے خواہ پسر ہو خواہ دختر سوائے والدین کی اور زوج اور زوجہ کے
کوئی اور وارث نہین ہوتا ہے پس عم باوجود ولد صلبی کے محجوب ہو گا مگر بنی تیم
کہ قوم خلیفہ اول ہین اور بنی عدی کہ قوم خلیفہ ثانی ہین اور قوم بنی امیہ کہ قوم خلیفہ ثالث
ہین عم کو پدر پر قیاس کیا ہے اور کہا ہے اونہون نے کہ جسطرح پدر باوجود اولاد کی وارث
ہوتا ہے اسیطرح سے عم باوجود بیٹے کی وارث ہوتا ہے پس باقی کر گوئی حدیث

حدیث اس باب میں حضرت نبوی سے نہین ہوا اور جو عالم کہ قول اونکا مطابق قول علی علیہ السلام
ہے پس قضایا اونکی اوپر خلاف قضایی اون لوگون پر ہے اور بعد نوح بن دراج کہ ہم ہو
واقف اقوال علی صلوات اللہ علیہ ہوا ہے اور تحقیق کہ جس حال مین تھی امیر المومنین نے اسکو
والی کوفہ اور بصرہ کا کیا تھا مطابق امیر المومنین کی فتوی دیتا تھا پس ہارون رشید نے
حکم کیا کہ نوح بن دراج کو اور عالمونکو خلاف اونکی حاضر کرو از انجملہ سفیان
ثوری اور ابراہیم مدنی اور فضیل بن عیاض تھے پس اونہون نے گواہی دی کہ قول نوح بن دراج
کا مطابق قول علی ہے پس ہارون رشید نے اوسوقت کہا کہ پس کسواسطے مطابق قول نوح
بن دراج کی فتوی نہین دیتے ہو کہا اونہون نے کہ نوح نے جرات کی اور ہمکو جرات نہوئی کہ
امیر المومنین نے فتوی نوح بن دراج کا جاری کیا اور استدلال کیا اسطرح سے کہ تم اہل
سنت وجماعت نے سید المرسلین سے روایت کی ہے کہ اونحضرت نے فرمایا ہے کہ علیٌ
اقضاکم ہے کہ علی دانا تر قضایا کا ہے اور اسیطرح سے روایت کی ہے عمر خطاب نے علیٌ اقضانا اسواسطے
کہ لفظ قضا کی جامع ہے صفات حمیدہ اور کمالات پسندیدہ کو قرات سے اور فرائض سے
اور علم سے ہارون رشید نے کہا کہ زیادہ کرو اے موسی اوسوقت کہا آنحضرت نے کہ المجالس
بالامانات وخاصۃ مجلسک پس ہارون رشید نے کہا کہ خوف نکرو تم پس آنحضرت نے
کہا تحقیق کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ نے وارث نہین کروانا ہے اوس شخص کو کہ جسنے ہجرت اور
ساتھ نکی ہوا اور نہ اونکی واسطے مرتبہ ولایت ثابت کیا ہے ہارون رشید نے کہا کہ تمہارے پاس دلیل
ہے کہ دلیل ہماری بنا بر قول حق سبحانہ تعالی کا ہے وَالَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُمْ
مِنْ وَلَايَتِهِمْ مِنْ شَيْءٍ حَتَّى يُهَاجِرُوا یعنی وہ لوگ کہ ایمان لائے اور نہ ہجرت کی اونہون نے

نہین ہی دہلی تمہارے ولایت اونکی سی کوئی چیز تا اینکہ ہجرت کرین وہ اور تحقیق کہ عم میری
عباس نی ہجرت کی پس ہارون رشید نی کہا کہ کہتی ہو جیتا ہون اےموسی کہ کبہی ایسا
فتوی ہمارے کسی دشمن کو دیا ہی یا نہین یا فقیہون ہی سی آگاہ کیا ہی یا نہین حضرت نی فرمایا
کہ اوسوقت تک سوای امیرالمومنین کی کسی نی ان باتونکا سوال نہین کیا ہی بعد اوسکی
ہارون رشید نی کہا کیون تجویز کرتی ہو تم کہ شیعہ و سنی تمکو طرف رسول خدا کی نسبت کرتی
ہین اور کہتی ہین کہ اے ابن رسول اللہ باعث اسکا کیا حال انکہ تم ابن علی ہو اور انسان کو نسبت
جانب پدر کی کرتی ہین اور نبی نانا تمہاری ہین پس حضرت نی کہا کہ اے امیرالمومنین اگر پیغمبر خدا
اسوقت مین زندہ ہوتی اور دختر تیری کو عقد مین لاتی آیا تم قبول کرتی یا نہین ہارون رشید نے
کہا سبحان اللہ کس طرح سی نہ قبول کرتی ہم حال انکہ یہہ امر موجب افتخار ہمارے کا ہی عرب اور عجم
اور سائر قریش پر اوسوقت حضرت نی فرمایا کہ اگر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ ہم سی دختر چاہتی
تو ہم دیتی بلکہ وہ خود دختر ہماری نہ طلب کرتی پس ہارون رشید نی کہا کس جہت سی
کہا اس جہت سی کہ پیغمبر فرزند اونکی مین اور تو فرزند اونکا نہین ہی پس ہارون رشید نی کہا کہ تمہی
کہا اےموسی پس ہارون نی کہا کس جہت سی کہتی ہو کہ ہم ذریت پیغمبر کی ہین حال انکہ پیغمبر
سی کوئی فرزند نہین رہا اور عقب واسطی فرزند نرینہ کی ہوتا ہی نہ واسطی بیٹی کی کہا حضرت نے
بحق قرابت اور بحق قبر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ مجکو اس سوال سی معاف رکہہ ہارون نے
کہا کہ نہین بلکہ چاہتی تم دلیل جواب کہو تم ای اولاد علی خصوصا تم ای موسی کہ سردار اونکی
ہو اور امام زمان اپنا تمکو جانتی ہین اور ہرگز تمکو معاف نہ رکہونگا جب تک سوال میرےکا
جواب کتاب سی نہ دو تم حال انکہ تم دعوا کرتی ہو ای فرزندان علی کہ کوئی چیز تمسی کتاب خدا سی

فرو گذاشت نہین ہوتی اور سب کی تاویل نزدیک تمہاری ہی اور دلیل لاتی ہو جس بات پر
حق تعالی کا قول ہی مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ اور دعوا کرتی ہو تم مستغنی ہونیکا
اور رائی علماسی پس اوسوقت حضرت نی فرمایا کہ آیا مجہی اذن ہی جواب کہنی میں تاکہ
کہ بیان کرو فرمایا حضرت نی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم وَمِنْ
ذُرِّيَّتِهِ دَاوُدَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَىٰ وَهَارُونَ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ
وَزَكَرِيَّا وَيَحْيَىٰ وَعِيسَىٰ وَإِلْيَاسَ پس کون ہی پدر عیسی کو ان تہا ای امیرالمومنین پس ہارون نے
کہا کہ عیسی باپ نہ رکہتی تہی حضرت نی فرمایا کہ پس اس جگہہ سی ظاہر ہوا کہ حق تعالی نی کہ عیسی کو
ذریت انبیا سی شمار کیا از جانب مریم ہمی اسیطرح سی ہم ذریت پیغمبر سی ہین جانب مادر اپنی
فاطمہ علیہا السلام سی بعد اوسکی حضرت نی فرمایا کہ زیادہ کہون اس آیت واسطی تیری ای امیرالمومنین
کہا اوسنی کہ زیادہ کر پس حضرت نی کہا کہ حق سبحانہ تعالی فرماتا ہی فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ مِنْ
بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ
وَأَنْفُسَنَا وَأَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ
اور اب تک کسی نی دعوا اسکا نہین کیا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ نی روز مباہلہ سوای علی
و فاطمہ اور حسنین صلوات اللہ علیہم کی کسی کو زیر عبا نہین لیا تہا پس مراد حق تعالی ابناءنا
سی حسنین ہین اور نساءنا سی فاطمہ ہین اور انفسنا سی علی بن ابی طالب ہین علاوہ اسکی
امت ہی اسباب پر کہ روز احد حضرت جبرئیل نی پیغمبر خدا سی عرض کی کہ مشارکت اور مواسات
کہ علی تمہاری ساتہہ کرتی ہین اوسوقت جناب نبوی نی فرمایا کہ باعث اسکا یہہ ہی کہ علی مجہسی
ہین اور مین علی سی ہون پس جبرئیل نی کہا کہ مین تم دونونسی ہون بعد اوسکی جبرئیل نے کہا

کہا کہ لَا سَیْفَ اِلَّا ذُو الْفِقَارِ وَلَا فَتٰی اِلَّا عَلِی اور تحقیق کہ حق تعالی نے حضرت ابراہیم کو
قرآن میں تعبیر فتی کیا ہے جس جگہ کہ کہا قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًی یَّذْكُرُهُمْ یُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِیْمُ
پس ہم کہ وہ دینی عم تیرے تھی اختیار کرتی ہین کہ جبرئیل ہم سے ہین پس ہارون نے کہا کہ
تنے خوب کہا ای موسی جو حاجت کہ رکھتی ہو کہو حضرت نے فرمایا کہ اول حاجت ابن عم
تیرے کی یہہ ہی کہ رخصت دی کہ موسم بدنی مین نزدیک عیال کی جاوَن مین ہارون
[illegible]
وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰی بَشَرٍ مِّنْ شَیْءٍ
اور نہ تعظیم کی انہوں نے خدا کی جیسی تعظیم اوسکی کی چاہیے جسوقت کہا انہوں نے کہ نہیں نازل کیا خدا نے اوپر کسی آدمی کے کسی چیز
قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِیْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰی نُوْرًا وَّهُدًی لِّلنَّاسِ
کہہ تو اے محمد کون شخص ہے کہ نازل کیا کتاب کو وہ کہ لائے تھے اوسکو موسی درحالیکہ روشنی تھی اور ہدایت واسطے لوگوں کے
تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِیْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِیْرًا وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا
کردانتے ہو تم اوسکو کاغذ پراگندہ ظاہر کرتے ہو تم اوسکو اور چھپاتے ہو تم بہتوں کو اور سکھلائی گئی تم جو کچھ کہ نہ جانتے
اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِیْ خَوْضِهِمْ یَلْعَبُوْنَ ○ وَهٰذَا
نہ تم اور نہ پدران تمہارے کہہ تو اے محمد کہ خدا نے نازل کیا ہے پس چھوڑ تو ان کو بیچ باطل اونکے کہ کھیلتے ہین اور یہہ
كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰی
قرآن کتاب ہے کہ نازل کیا ہمنے اوسکو ایسی کہ بابرکت ہے تصدیق کرنے والی ہے [illegible] کہ ڈراوے تو اہل مکہ کو
وَمَنْ حَوْلَهَا وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰی صَلَاتِهِمْ
اور جو شخص کہ گرد اوسکے ہین [illegible] ایمان لاتے ہین ساتھ آخرت کے ایمان لاتے ہین ساتھ [illegible] اور وے اوپر نماز اپنی کے

صَلَاتِهِمْ یُحَافِظُوْنَ ○ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ
نگاہ رکھتے ہین [illegible] اور کون شخص ظالم تر ہے اوس شخص سے کہ باندھا اوپر خدا کے دروغ کو یا کہا اوسنے
اُوْحِیَ اِلَیَّ وَلَمْ یُوْحَ اِلَیْهِ شَیْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
وحی کی گئی ہے طرف میری حالانکہ نہیں وحی کی گئی طرف اوسکی کوئی چیز اور اوس شخص سے کہ کہا [illegible]
وَلَوْ تَرٰٓی اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا
اور اگر دیکھے تو جسوقت کہ کافر ہونگے بیچ سکرات موت کی اور فرشتے کھولنے والے ہونگے
اَیْدِیْهِمْ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَلْیَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا
دستہای اپنے کو واسطے قبض روح کے [illegible]
كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَی اللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰیٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ○
کہ تھے تم کہتے اوپر خدا کے ناحق کو اور تھے تم آیات اوسکی سے گردن کشی کرتے تھے تم
وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰی كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ
اور البتہ تحقیق کہ آئے تم ساتھ ہمارے [illegible]
وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ وَمَا نَرٰی مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ
پس پشت اپنی کے اور نہیں دیکھتے ہین ہم ساتھ تمہارے حامیان تمہارے کو [illegible]
فِیْكُمْ شُرَكٰٓؤُا لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَیْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ○
ع بیچ تربیت تمہاری کے شریک [illegible] قطع ہوا پیوند [illegible] درمیان تمہارے [illegible]
وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ منقول ہے کہ مالک ابن ضیف کہ سر حلقہ علمای یہود تھا خدمت سید
عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین آیا اور اون حضرت نے کہا کہ قسم دیتا ہون

مین جگو اوس خدا کی کہ توریت کو موسی پر نازل کیا ہی توریت مین تو نی دیکہا ہی کہ خدا

دانشمند فربہ کو دشمن رکہتا ہی اور وہ یہودی فربہ تہا بجرد سنی کی غصب مین آیا اور

کہا خدا کوئی کتاب کسی پر نازل نہین کی ہی اوسوقت یہہ آیہ نازل ہوا وما قدروا اللہ

قوله ومن قال سانزل عبد اللہ بن سعد بن ابی سرح قریشی کاتب رسول خدا تہا وحی جب

نازل ہوتی تہی تو لکہہ لیتا تہا اور بجای غفور رحیم کی حکیم علیم لکہتا تہا اور بجای سمیع

علیم کی غفور رحیم لکہتا تہا اور جسوقت یہہ آیہ نازل ہوا ولقد خلقنا الانسان من

سلالة من طين آخر تک تفصیل خلق آدمی کی تعجب مین آیا اوسکی زبان پر بی

اختیار جاری ہوا فتبارک اللہ احسن الخالقین جناب نبوی نی فرمایا کہ

اسیطرح سی نازل ہوا ہی اوسنی لکہا اور شک مین پڑا اور دل اپنی مین کہا کہ اگر محمد

نزول وحی مین صادق ہین تو بس یہہ وحی مجہہ پر بہی نازل ہوئی اور اگر کاذب ہین تو بس

مین اسطرح کا کر سکتا ہون اوسوقت مرتد ہو کر نزدیک اہل کتاب کی گیا اور کہا اوسنی

احوال محمد کو معلوم کیا ہی کہ وہ اپنی دل سی عبارتکو بناتی ہین اور کہتی ہین کہ یہہ وحی

اوسوقت حق تعالی نی یہہ آیت نازل کی ومن قال سانزل مثل ما انزل اللہ ولو ترى

مرا ہوا اس سی پیدا کر نا رحم مادر سی کہ شرپا برہنہ خالی سب چیزونسی بحالت تنہائی پیدا ہوتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ

تحقیق کہ خدا پہاڑ کرنی والا ہی دانہ کو اور گٹہلی کو نکالتا ہی زندہ کو مردہ سی اور نکالتا ہی مردہ کو

مِنَ الْحَيِّ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ وَجَعَلَ

زندہ سی یہہ تمہارا خدا ہی پس کہان پہر جاتی ہو تم ظاہر کرنی والا صبح کا اور کر دیا اوسنی

اللَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ

رات کو آرام کا اور کر دیا آفتاب اور ماہتاب کو حساب کا یہہ اندازہ کرا ہوا ہی غالب دانا کا ہے

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

اور وہ ویسا خدا ہی کہ پیدا کیا واسطی تمہاری ستارونکو تاکہ راہ پاؤ تم سبب اونکی بیچ اندہیریونکی جنگل اور دریا کی تحقیق

قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ

بتحقیق روشن کیا ہمنی آیتونکو واسطی گروہ کی کہ جانتی ہین وہ اور وہ ویسا خدا ہی کہ پیدا کیا تمکو

نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ

ایک تن سی پس جای قرار ہی واسطی تمہاری اور جای امانت رکہنی کی تحقیق روشن کیا ہمنی آیتونکو واسطی گروہ

يَّفْقَهُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ

سمجہتی والونکے اور وہ ویسا خدا ہی کہ نازل کیا ہی آسمان سی پانی پس نکالا ہمنی ساتہہ اوسکی اگنی والی ہر چیز کی

كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا وَمِنَ النَّخْلِ

ہر چیز کا پس نکالا ہمنی اوس پانی سی گیاہ سبز نکالتی ہین ہم اوس سبزی سی دانہ جو لپٹا ہوا ہے اور نکالتی ہین درخت خرما سی

مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ

کہ خوشہ شکوفہ اوسکی سی خوشی جنکی نزدیک ہوتی ہی اور باغہا انگوری اور درخت زیتون سی اور انار

مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ اِنَّ فِيْ

درحالیکہ مانند ہین اور غیر مشابہ ہین ... طرف میوی اوسکی ... اور پکنی کی تحقیق بیچ

ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ

اسکی البتہ نشانیان ہین واسطی گروہ کی کہ ایمان لاتی ہین اور کر دیا کافرون نی واسطی خدا کی شریک جن کو حالانکہ پیدا کیا اونکو

وخرقوا له بنين وبنات بغير علم سبحانه وتعالى عما يصفون ○

اور تراشتے ہیں واسطے اوسکے بیٹے اور بیٹیاں بدون علم کے پاک ہے وہ اور برتر ہے اوس چیز سے کہ وصف کرتے ہیں [illegible]

[illegible] ایسا ہے کہ حق تعالی پاک کرنی والا ہی دانہ خشک مردہ کو اور نکالنے والا

اوس سی گھاس کو اور پاک کرنی والا ہی گٹھلی خشک کو پس نکالتا ہی اوس سی درخت نخل کو اور

بعضوں نی معنی فالق الحب والنوی کی یہ کہے ہیں کہ خالق حب کا ہی اور نوی کا [illegible]

مراد اخراج سی کنایت سی یہ ہی کہ نکالتا ہی گیاہ تر و تازہ و سبز کو دانہ خشک سی [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

بديع السموات والارض انى يكون له ولد ولم تكن له صاحبة

[illegible]

وخلق كل شيء وهو بكل شيء عليم ○ ذلكم الله ربكم لا اله الا هو

[illegible]

خالق كل شيء فاعبدوه وهو على كل شيء وكيل ○ لا تدركه

[illegible]

الابصار وهو يدرك الابصار وهو اللطيف الخبير ○ قد جاءكم

[illegible]

بصائر من ربكم فمن ابصر فلنفسه ومن عمي فعليها وما انا عليكم

[illegible]

بحفيظ ○ وكذلك نصرف الايات وليقولوا درست ولنبينه

[illegible]

لقوم يعلمون ○ اتبع ما اوحي اليك من ربك لا اله الا هو و

[illegible]

اعرض عن المشركين ○ ولو شاء الله ما اشركوا وما جعلناك

[illegible]

عليهم حفيظا وما انت عليهم بوكيل ○ ولا تسبوا الذين يدعون

[illegible]

من دون الله فيسبوا الله عدوا بغير علم كذلك زينا لكل امة

[illegible]

عملهم ثم الى ربهم مرجعهم فينبئهم بما كانوا يعملون ○ واقسموا

[illegible]

بالله جهد ايمانهم لئن جاءتهم اية ليؤمنن بها قل انما الايات

[illegible]

عند الله وما يشعركم انها اذا جاءت لا يؤمنون ○ ونقلب

[illegible]

أفئدتهم وأبصارهم كما لم يؤمنوا به أول مرة ونذرهم في طغيانهم يعمهون

الٹ دینگے ہم انکے دلونکو اور آنکھین انکی جسطرح سے کہ نہ ایمان لائے ساتھ اسکے پہلی مرتبہ اور چھوڑ دینگے ہم انکو بیچ گمراہی انکی کے حیران

قوله خالق كل شيء فاعبدوه اہل سنت وجماعت اس آیہ سے استدلال کرتے

ہین کہ افعال بندونکی مخلوق الہی ہین اسواسطے کہ کل شی مین افعال بھی داخل ہین لیکن فرقہ

اونکا باطل ہی اسواسطے کہ اس صورت پر ظلم لازم آتا ہی اور اکثر آیات الہی منافی ہونگی

کہ افعال بندونکو منسوب طرف اونکی کیا ہی چنانچہ بعد اسکی کہتا ہی کہ فاعبدوہ پس عبادت

منسوب دی ہی طرف بندونکی اور چنانچہ قبل اسکی کہا ہی کہ وتعالى عما يصفون اور مثل

عملوا الصالحات کی اور مثل وكلا منها رغدا حيث شئتما اور ازین قبیل آیات کثیرہ

دلالت رکھتی ہین کہ بندے خود افعال اپنی کو کرتی ہین اور معنی اس آیہ کی بنا بر مسلک

اشعری یہہ ہین کہ حق تعالی خالق کل شی کا ہی بواسطہ اور بیواسطہ پس اس ہنگام مین

کوئی قباحت لازم نہین آتی اور سب آیات موافق ہوجاتی ہین قوله لا تدركه الابصار یعنی

نہین دیکھتی ہین اسکو آنکھین اسواسطے کہ معنی ادراک ابصار کی رویت ہی جسطرح سے کہ کوئی کہی

ادراک السمع یعنی سنا اس سے حاصل ہوا اور اسیطرح سے ادراک ہر واحد حواس خمسہ جاننا چاہیے

پس اس آیہ سے تین امر مستفاد ہوئی ایک یہہ کہ خدا مدرک جزئیات سے ہی اور دوسری بصیر

ہونا خدا کا اور تیسری یہہ کہ خدا قابل دیکھنے کی نہین ہی کہ کوئی شخص اسکو دیکھی اور

اس سے مخالفت حق تعالی کی ثابت ہوتی ہی جمیع موجودات سے اسواسطے کہ بعضی موجودات ایسے

ہوتی ہین کہ دیکھتی ہین اشیا کو اور خود بھی دیکھی جاتی ہین مثل حیوانات کی اور بعضی ایسی ہین کہ خود

دیکھی جاتی ہین اور آپ نہین دیکھتی مثل جمادات اور اعراض سے مثل رنگ وغیرہ کی ہین

ہین اور بعضی ایسی ہین کہ نہ دیکھتی ہین اور نہ دیکھی جاتی ہین مثل اعراض غیر مدرکہ کی اور

بعضی اعراض مدرکہ کی جسطرح سے کہ بو وغیرہ ہین اور تقدیر اس آیہ کی اسطرح سے ہی نہین دریافت کرتے

ہین اوسکو صاحبان ابصار اور وہ دیکھتا ہی صاحبان ابصار کو اور سمیع اور بصیر ہونا

حق تعالی کا ضروریات اسلام سے ہی اور بہت سی آیات قرآنی اور احادیث نبوی

صلی الله علیه وآله اور اسیطرح اخبار ائمہ کی دلالت رکھتی ہین خدا کے سمیع اور بصیر ہونی پر اور

کیونکر نہو یہہ حال ہی کہ ابراہیم علیه السلام نے باپ اپنی کو ملزم کیا اور کہا یا ابت لم تعبد

ما لا يسمع ولا يبصر ولا يغني عنك شيئا حاصل اسکا یہہ ہی کہ کیون عبادت کرتا ہی تو ایسی چیز کی جو

کہ نہین سنتا ہی اور نہین دیکھتا ہی اور بے نیاز نہین کرتا ہی تجکو کسی چیز سی وأقسموا بالله

جهد ایمانهم محمد بن کعب القرظی سے منقول ہی کہ یہہ آیہ نازل ہوا اوس وقت مین کہ کہا تہا قریش نے

ای محمد تجکو آگاہ کرکہ موسی نے عصا کو سنگ پر مارا اور بارہ چشمی پانی کی اوس سے جاری ہوئے

اور عیسی مردونکو زندہ کرتی تہی اور صالح ناقہ کو سنگ سے باہر لاتی ازین قبیل کوئی آیہ تو

ہمکو بھی دکھلا حضرت نے فرمایا کہ کیا چاہتی ہو مجسی کہا کہ چاہتی ہین ہم کہ کوہ صفا کو سونے کا

کرو حضرت نے فرمایا کہ اگر یہہ معجزہ ظاہر ہو تو میری تصدیق کروگے سب نے اس بات پر

قسم کہائی حضرت نے قصد کیا کہ اس امر کی دعا کرین حضرت جبرئیل آئے اور کہا کہ حق تعالے

فرماتا ہی کہ ہم دعا تیری اب کو سونے کا کرتی ہین لیکن عادت ہماری جاری ہوئی ہے

اسطرح سے کہ ہر گاہ مطابق خواہش امت کی کوئی معجزہ ظاہر ہو بعد اسکی عذاب ہلاکت

اونکی کو بہیجتی ہین ہم اگر وہ ایمان بعد اسکی نہ لاوین پس اگر چاہی تو تو ہم معجزہ

ظاہر کرین اور اگر نہ چاہی تو تو نہ ظاہر کرین اور چہوڑ دی تو اونکی حال پر اور اگر

ایمان نہ لاوینگے تو ان کی رسل سے مومن ہوں کے بعد جناب نبوی صلی اللہ علیہ
کی اس شق کو سنکر نزول عذاب کو اختیار کیا اور اوسی مصلحت کی ادنکو مہلت دے

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَا اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى

اور اگر تحقیق کہ ہم نازل کرتے ہم طرف اونکی فرشتوں کو اور باتیں کرواتے ہم اونکو مردے

وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ

اور جمع کرتے ہم اوپر اونکے سب چیز کو سامنے تمہارے کا نہ تھے وہ کہ ایمان لاتے وہ مگر یہ کہ چاہے خدا

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ۝ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ

اور لیکن بہتیرے کفار کی نادانی کرتے ہیں اور اسیطرح سے کرد ہم نے واسطے ہر پیغمبر کے دشمن شیاطین

الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ

آدم سے اور جن سے وسوسہ کرتے ہیں بعضی اونکی طرف بعض کے باتیں بناکر واسطے فریب کے

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ۝ وَلِتَصْغٰٓى

اور اگر چاہتا پروردگار تیرا نہ کرتے وہ دشمنی پس ترک کر تو اونکو ساتھ اوس چیز کے کہ افترا کرتے ہیں وہ اور تاکہ مائل ہوں

اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا

طرف اوس وسوسے کے قلوب ان لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے اور تاکہ پسند کریں اوسکو اور تاکہ کسب کریں

هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ۝ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ

کہ وہ کسب کرنے والے ہیں آیا پس سوای خدا کے طلب کرتا ہوں حکم کو اور وہ جسنے نازل کی طرف تمہارے

الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ

قرآن کو درحالیکہ بیان کیا گیا ہے جدا جدا حق و باطل اور جن لوگوں کو دی ہے ہمنے اونکو کتاب جانتے ہیں اس بات کو کہ وہ

مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝ وَتَمَّتْ

اتارا گیا ہے طرف پروردگار کی تیرے ساتھ حق کے پس مت ہو تو شک کرنے والوں سے اور تمام ہوئی

كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

کلمات رب تیرے کی راستی میں اور عدل میں نہیں ہے کوئی تبدیل کرنے والا کلمات اوس کے کو اور وہ سننے والا جاننے والا ہے

وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ

اور اگر اطاعت کرے تو اکثر ان لوگوں کی کہ بیچ زمین کے ہیں گمراہ کریں گے وہ تجھکو راہ خدا سے نہیں پیروی کرتے

اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ

مگر گمان اپنے کی اور نہیں وہ مگر جھوٹ بولتے ہیں تحقیق کہ رب تیرا وہی ہے دانا تر ساتھ اوس شخص کے کہ گمراہ

عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

راہ اوسکی سے اور وہ دانا تر ہے ساتھ ہدایت پانے والوں کے پس کھاؤ تم اوس چیز سے کہ لیا گیا ہے نام خدا کا اوپر

اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۝ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ

اگر ہو تم کہ ساتھ آیات اوسکی کے ایمان لانے والے اور کیا ہے واسطے تمہارے یہ کہ نہیں کھاتے ہو تم اوس چیز سے کہ لیا گیا ہے نام خدا کا

عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ

اوپر اوسکے اور تحقیق کہ بیان کیا ہے واسطے تمہارے اوس چیز کو کہ حرام کیا اوپر تمہارے مگر جو مضطر ہو تم طرف اوسکی اور تحقیق

كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ۝

بہت سے لوگ البتہ گمراہ کرتے ہیں لوگوں کو ساتھ خواہشوں اپنی کے بسبب نادانی کے تحقیق کہ پروردگار تیرا وہی ہے دانا تر ساتھ زیادتی کرنے والوں کے

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ

اور ترک کرو تم آشکارا گناہ کو اور پوشیدہ گناہ کو تحقیق کہ جو لوگ کسب کرتے ہیں گناہ کو قریب ہے کہ جزا دیے جاویں گے

بِمَا كَانُوا يَقْتَرِفُونَ ۝ وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ

ساتھ اوس چیز کی کہ تھی کہ عمل میں لاتی اور نہ کہاو تم اوس چیز میں سی کہ نہ لیا گیا ہو نام خدا کا اوپر

وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ

اور تحقیق کہ وہ البتہ فسق اور نافرمانی ہی اور تحقیق شیاطین البتہ وسوسہ کرتی ہین طرف دوستون اپنی کی تاکہ جھگڑا کرین تم سی

وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ ۝

اور اگر اطاعت کرو تم اونکی البتہ تحقیق تم ہوگے البتہ شرک کرنی والی

قولہ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا اس آیت کی چند معنی مین ایک یہہ ہی جسطرح سی کہ حکم کیا ہمنی
ساتھ عداوت قوم تیری کی مشرکونسی پس تحقیق کہ امر کیا ہمنی قبل تیری ساتھ معادات
اعدا اونکی کی جن اور انس سی اور ہر گاہ امر کیا خدا نی رسول اپنی کو ساتھ عداوت قوم
مشرکین پس گویا کہ کردانا خدا نی انہین مشرکون کو دشمن رسول اپنی کا اور دوسرے یہہ ہین
کہ حکم کیا ہمنی کہ وہ دشمن تیری ہین اور آگاہ کیا ہمنی تجکو تاکہ احتراز کری تو اونسی اور مستعد
رہی واسطی دفع شرک کی اونسی اور تیسری یہہ ہین کہ ترک کیا ہمنی اونکو اونکی حال پر اور اختیار
عداوت مین اونکو منع نکیا پس بسبب نہ منع کرنی اونکی کی کردانا خدا نی اونکو دشمن اور چوتھی
یہہ ہین کہ وجہ نسبت کردنی انبیا کی اونکو دشمن اس جہت سی ہی ہر گاہ حق سبحانہ وتعالے
نی ارسال رسل کیا اور امر کیا اونکو طرف اسلام کی دعوت کرانیکا اور منع کرو عبادت
اصنام سی اوسوقت اونہون نی عداوت کی انبیا علیہم السلام سی پس گویا کہ ارسال
رسل باعث ہوا عداوت اونکی کا قولہ شَيَاطِينَ الْإِنسِ وَالْجِنِّ الآیہ حسن اور قتادہ اور مجاہد سے
منقول ہی کہ مراد شیاطین انس سے سرکش متمردین کفار ہین جو تیری قوم سی اور بعض نی

کہا ہی کہ شیاطین انس سی وہ لوگ ہین کہ جو اغوا کرتی ہین اونکو اور شیاطین جن
فرزندان ابلیس سی ہین اور تفسیر کلبی مین ابن عباس سی منقول ہی کہ ابلیس نی کردانا ہی
لشکر اپنی کو دو فریق ایک فریق کو بہیجا ہی طرف انس کی پس شیاطین جن اور انس کی ساتھ
رسول اور مومنین ہین پس شیطان جن اور انس باہمدیگر ملتی ہین کہ گمراہ کیا ہمنی صاحب اپنی کو
